Vol. II
No. 11

Monday,
23rd June, 1952

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY DEBATES

Official Report

CONTENTS

	Pages
Starred Questions and Answers	[illegible]
Short Notice Question and Answer	[illegible]
Business of the House	[illegible]
Demands for grants	[illegible]

Price: Eight Annas.

GOVERNMENT PRESS
HYDERABAD-DN.
1952

HYDERABAD LEGISLATIVE ASSEMBLY

Monday, 23rd June, 1952

(ELEVENTH DAY OF THE SECOND SESSION)

The House met at Five Minutes past Nine of the Clock
[Mr Speaker in the Chair]

Starred Questions and Answers

Mr. Speaker : Let us take up questions. Shri Buchiah.

TAPPING OF TODDY TREES

*143 *Shri M. Buchiah* (Sirpur) Will the hon. Minister for Excise, Forests and Customs be pleased to state :

1 Whether it is a fact that innumerable, unnumbered toddy and sendhi trees are being tapped by the contractors with the connivance of some corrupt officials without paying any tree tax to the Government ?

2 If so, what action is being taken against such officials and contractors ?

مسٹر فار اکسایز فارسیٹس اینڈ کسٹمس (شری رنگا ریڈی) - یہ صحیح ہے - ٹری ٹیکس (Tree Tax) کے بغیر بلا نمبر اندازی کئے سیندھی اور تاڑی کے درخت تراشے جارہے تھے - عہدہ داروں کی غفلت اور بعض غیر سماجی عناصر کی غلط ترغیب سے اس طرح درخت تراشے جا رہے تھے -

شری سی- ایچ وینکٹ رام راؤ (کریم نگر) - ایسے درختوں کی تعداد کتنی ہے کیا آپ بتاسکتے ہیں ؟

مسٹر اسپیکر - یہ دوسرا سوال ہے -

Shri Ch. Venkat Ram Rao : If so, what action is being taken against such officials and contractors ?

شری رنگا ریڈی - میں نے خود دورہ کر کے ایسے درختوں کو برآمد کیا ہے - اور اس بارہ میں انتظام کیا ہے جس کی بناء پر کثیر التعداد درخت برآمد ہوئے - ان میں سے اکثر کا ٹری ٹیکس (Tree Tax) داخل کرالیا گیا ہے - جن عہدہ داروں نے غفلت کی تھی ان میں سے بعض کا تبادلہ کیا گیا اور بعض کو معطل کیا گیا - چونکہ

1

حلاف الراماب بهی ایکے دارے میں تحقیقات کی جا رہی ہے ۔ اور بلا اجازت دراس کرنے والوں کو حالان عدالت کیا جا رہا ہے ۔

شری سی ایچ ۔ وینکٹ رام راؤ ۔ ایسے کتنے درخت کاٹے گئے؟ کیا ان کی تعداد بتائی جاسکتی ہے ؟

شری رنگا ریڈی ۔ ابھی میرے پاس جملہ اضلاع سے اطلاع نہیں آئی ہے ۔ صرف ورنگل کریم نگر نلگنڈہ اور عادل آباد سے اطلاع آئی ہے ۔ ان اضلاع میں ۲۶۸۶۱۳ درخت اس طرح دراسے گئے ہیں ۔

شری لکشمن کو نڈا (آصف آباد ۔ عام) ۔ غیر سماجی عناصر سے کیا مطلب ہے ؟

شری رنگا ریڈی ۔ غیر سماجی عناصر اپنا نام مختلف بتاتے ہیں ۔ لیکن میرا اشارہ نلگنڈہ کے ان لوگوں کی طرف ہے جو تشدد کرتے ہیں ۔

ایک آنریبل ممبر ۔ کیا ٹری ٹودی ٹاپر (Tree to the Tapper) کی کوئی اسکیم (Scheme) گورنمنٹ کے پاس ہے ؟ اگر ہے تو کیا آنریبل منسٹر اسکی کچھ تفصیلات هاؤس کے سامنے رکھینگے ؟

شری رنگا ریڈی ۔ ہمارے پاس وہ اسکیم ہے ۔ ابھی وہ کیا بٹ میں پیش نہیں کی گئی ہے ۔ قبل اسکے کہ میں اسکو کیا بنٹ میں پیش کرتا عہدہ داران کی کانفرنس (Conference) بلا کر میں نے ان سے مشورہ کیا ۔ یہ کانفرنس اس ماہ کی ۱۰ تاریخ کو ہوئی تھی ۔ اس میں تبادلہ خیال کیا گیا ۔ میری مجوزہ اسکیم سے انہوں نے اتفاق کیا ۔ وہ اسکیم مرتب کی جا رہی ہے اور عنقریب کیابنٹ میں پیش کی جائیگی ۔

شری لکشمن کونڈا ۔ ایسے چوری کے درخت کے پکڑے کے بعد کتنا پیسہ وصول کیا گیا اور کتنے دنوں میں یہ وصول ہوا ؟

شری رنگاریڈی ۔ جو ۲۶۸۶۱۳ درخت برآمد ہوئے اون کے ٹری ٹیکس کی رقم تقریباً ۲۶ لاکھ روپیہ وصول ہوچکی ہے ۔ باقی رقم وصول کی جا رہی ہے ۔

شری لکشمن کونڈا ۔ چھ ماہ ہوئے کہ گھٹکیسر میں ۵ جھاڑ پکڑے گئے تھے ۔ لیکن اسکے متعلق اب تک رقم وصول نہیں کی گئی ۔ اس کی کیا وجہ ہے ؟

شری رنگاریڈی ۔ میں تفصیلی طور پر تو نہیں بتاسکتا البتہ مجموعی طور پر یہ بتاسکتا ہوں کہ تقریباً نصف رقم وصول ہو گئی ہے ۔ باقی رقم کی کارروائی جاری ہے ۔

شری ایم ۔ بچیا (سرپور) ۔ کیا آنریبل منسٹر بتاسکتے ہیں کہ اب کوئی ایسے درخت باقی نہیں جو بلا نمبر ہوں ؟

شری رنگاریڈی ۔ میرا خیال ہے کہ انکے علاوہ اب بھی ایسے درخت ہیں جنکی برآمدی کے لئے سختی سے حکم جاری کیا گیا ہے ۔ وہ بھی برآمد ہو جائینگے ۔

ایک آنریبل ممبر۔ اب تک گتہ داروں سے کتنی رقم وصول طلب ہے اور کتنی رقم وصول ہو گئی ہے ؟

مسٹر اسپیکر ۔ یہ سوال غیر متعلق ہے ۔

شری لکشمن کونڈا ۔ یہ جو دو لاکھ سے زائد درخت کاٹے گئے وہ کتنے عرصہ میں کاٹے گئے، کس کی غفلت سے یہ درخت کاٹے گئے اور ان کو کیا سزا ہوئی ؟

شری رنگا ریڈی ۔ دو انسپکٹرس (Inspectors) اور چھ سب انسپکٹرس (Sub-Inspectors) کو معطل کردیا گیا ۔ سر بیں مہتماں کا تبادلہ کر کے تحقیقات کی جا رہی ہے ۔ مدراس سسٹم (Madras System) کے تحت ایک سال کے لئے درخت دیئے جاتے ہیں ۔ ہر سال ان میں کمی بیشی ہوسکتی ہے ۔

شری گوپی ڈی گنگا ریڈی (نرمل ۔ عام) ۔ جن لوگوں کا تبادلہ کیا گیا ہے کیا ان کو وہاں بھی ایسا کرنے کا موقع نہیں ہے ؟

مسٹر اسپیکر ۔ ایسا سوال نہیں کیا جاسکتا ۔

شری داجی شنکر (عادل آباد) ۔ اب تک جن درختوں پر غیر اندازی نہیں ہوئی ہے کیا وہ بھی غیر سماجی عناصر کی وجہ سے نہیں ہوئی ہے ؟

شری رنگا ریڈی ۔ میں نے جو تعداد مقامات کے حوالہ سے بتائی ہے اوسکو دیکھنے سے معلوم ہوگا کہ جن مقامات پر غیر سماجی عناصر کا تسلط زیادہ ہوا انہی مقامات پر اوسی مناسبت سے درختوں کی غیر اندازی نہیں ہوئی ۔ اس قسم کے افعال ضلع تلگنڈہ میں زیادہ ہوئے اسلئے وہاں ۱۸۳۳۹ درخت بلا غیر اندازی درآمد ہوئے ہیں ۔ کریم نگر میں اس سے کم یعنی تقریباً ۴ ہزار درآمد ہوئے ہیں ۔ ورنگل میں تقریباً ۵ ہزار ۔ میدک میں صرف چند ہزار درآمد ہوئے ہیں ۔ چونکہ میں نے آندھرا کانفرنس (Andhra Conference) کے صدر کی حیثیت سے مختلف مقامات کا دورہ کر کے ان چیزوں کے متعلق معلومات حاصل کئے اور اوس وقت میں نے اسکے متعلق چیف منسٹر کو اطلاع بھی دی تھی اسی لئے میں کہہ سکتا ہوں کہ غیر سماجی عناصر کی ترغیب سے یہ سب کچھ ہو رہا ہے ۔

شری داجی شنکر ۔ غیر نمبر انداز درختوں کو درآمد کر کے کتنا عرصہ ہوا ؟

شری رنگا ریڈی ۔ میرے دورہ اور ہدایات کے بعد تقریباً چند ہزار درخت درآمد ہوئے تھے ۔ میں نے جو ترکیبیں اس سلسلہ میں بتائیں اون پر عمل کرنے کی وجہ سے ایک ہی مہینہ میں یہ تمام درخت درآمد ہوئے ۔ (Cheers)

شری داجی شنکر ۔ اسکے بعد نمبر اندازی ہو رہی ہے یا نہیں ؟

شری رنگا ریڈی ۔ آپ کو شائد اسکا طریقہ نہیں معلوم ہے ۔ ایسے درختوں کو حرف (ب) میں رکھکر شمار کیا جاتا ہے اور پنچنامہ کیا جاتا ہے ۔ اسکے بعد

ہمارے تجربہ میں یہ بات آئی کہ غیر سماجی عناصر بھی ان درختوں پر حرف (ب) ڈالنے لگے ۔ اس وجہ سے ہم نے یہ انتظام کیا کہ حرف (ب) کے ساتھ سرخی کا سلسلہ نمبر بھی ڈالا جائے ۔ (Laughter)

ایک آنریبل ممبر ۔ رعایا کے کھیتوں میں جو جھاڑ ہیں اونکا پیسہ رعایا کو نہیں دیا جاتا اسکی کیا وجہ ہے ؟ جن کے کھیتوں میں سیندھی کے جھاڑ ہوتے ہیں اون کو اسکا پیسہ نہیں ملتا ، اسکی کیا وجہ ہے ؟

شری رنگا ریڈی ۔ آپ کا یہ کہنا صحیح ہے لیکن اسمیں قصور آبکاری کا نہیں ہے بلکہ مولداروں کا ہے ۔ قانون مولداری کے تحت ۳/۲ رقم گورنمنٹ کو دینی پڑتی ہے ۔ وہ اس رقم کو دینے سے بچنے کیلئے ایسا طریقہ اختیار کرتے ہیں تاکہ ۳/۲ رقم بچ جائے ۔

شری لکشمن کو نڈا ۔ کیا پٹہ داروں نے کبھی شکایت بھی کی ہے ؟

شری رنگا ریڈی ۔ میرے پاس پٹہ داروں کی ایک نہیں سینکڑوں شکایات آئی ہیں ۔ اس بناء پر ہم نے آیندہ ایسی کوئی شکایت نہ ہونے کا انتظام کیا ہے ۔

شری لکشمن کو نڈا ۔ کیا غیر سماجی عناصر ایسے پٹہ داروں کی تائید اسلئے کرتے ہیں کہ انہیں مولداروں سے حصہ نہیں ملتا ؟

شری رنگا ریڈی ۔ وہ اسلئے تائید کرتے ہیں کہ اس آمدنی میں اون کا بھی حصہ ہوتا ہے ۔

Mr. Speaker Let us proceed to the next question Shri Buchiah

*144. *Shri M Buchiah* . Will the hon. Minister for Excise, Forests and Customs be pleased to state

Whether there is any likelihood of the customs duties being abolished in view of the fact that Hyderabad is part and parcel of India and of the Indian Nation ?

مسٹر اسپیکر ۔ میں سمجھتا ہوں ابالیشن آف کسٹمس (Abolition of Customs) کے سلسلے میں اس کا جواب دیا جاچکا ہے اور بجٹ ڈسکشن (Budget discussion) کے دوران میں بھی کافی بحث ہوچکی ہے ۔

Shri M. Buchiah : Export Customs have not been abolished.

Shri V D. Deshpande (Ippaguda) No supplementary question need arise as to why export Customs have not been abolished. I think, only 'imports' has not been discussed

Mr Speaker No If anybody wants to put supplementary questions, he can do so

Shri V D. Deshpande Unless the question is allowed..

Mr Speaker The question has been allowed

Shri M Buchiah Why did not the Government take steps to abolish the export duties also ?

(**Pause**)

Mr Speaker It is better if the Finance Minister replies to this question as he is more in the know of things

The Minister for Finance (*Dr G S Melkote*) It is the intention of the Government to abolish customs totally, but it would take some time At present we have abolished only the import customs and the abolition of the export customs is under consideration However, it would take some time

Shri Buchiah What is the duration of ' some time ' please ?

Dr G S Melkote Some time

(Laughter)

Shri V D Deshpande Why preference has been given to abolish the import duties and not the export duties ?

Dr G S Melkote Whether import or export, as I said, it is the intention of the Government to abolish the customs altogether But since the total amount involved is 4 crores of rupees and since it is very difficult to make alternative arrangements, in this regard, we had to abolish only one part of it Whether we abolish import or export customs, some difficulties will arise and the advantages and disadvantages on both sides will be the same In the opinion of the Government, it is more advantageous, in the first instance, to abolish the import customs duty

Mr Speaker Now, let us proceed to other business.

Short Notice Question and Answer

****Shri M S Rajalingam* (Warangal) I have got a short notice question, Sir

Mr Speaker Did the Concerned Minister agree to answer this to-day ?

Shri M S Rajalingam Yes, Sir

Mr Speaker Then, the hon. Member may read the question

Shri M S Rajalingam Is it a fact that an illegal lock-out affecting about 1700 workers had been declared by the management of the Allwyn Metal Works , and, if so, what steps have been taken by the Government to solve the deadlock ?

The Minister for Labour (Shri V B Raju) It is a fact that a lock-out has been declared It is not for the Government to say whether it is legal or illegal, since a Tribunal has been constituted, the terms of reference being whether the lock-out of the Allwyn Metal Works on 20-6-1952 for reasons given by the management in their notice dated 19-6-1952 is justifiable and whether the workers are entitled to wages for the period of lock-out

The Allwyn Metal Factory has been giving a lot of head ache to the Government.

Mr Speaker The answer is given, I believe

Shri V. B. Raju . What action the Government has taken i e , the second part of the question I wish to answer When the lock-out was declared, it was informed to me, immediately, and after referring this matter to the Tribunal constituted with the above terms of reference, I have ordered action to be taken under S 10 (3) of the Industrial Disputes Act which reads as follows

> "Where an industrial dispute has been referred to a Board or Tribunal under this section, the appropriate Government may by order prohibit the continuance of any strike or lock-out in connection with such dispute which may be in existence on the date of the reference."

Under S. 10 (3), orders have been passed and action is being taken

Shri M S. Rajalingam May we know who is the Chairman of the Board of Directors and what post he holds in the Government ?

Shri V B. Raju The Chairman of the Board of Directors is Shri Naqi Bilgrami, and he is the Secretary to Government in the Department of Commerce and Industry

Shri M S Rajalingam As he happens to be a Government officer, Sir, there is a confusion prevailing in the public to the effect that the Government is also a party to the present lock-out and so can we conclude that it is correct?

Shri V B Raju It is not correct

Shri M S Rajalingam Is the Government aware, Sir, that the Manager, who, with an air of his old Imperialistic British superiority, has been challenging the rights of the existing Government in his open talks with the labour and thus has annoyed the labour?

Shri V B Raju I will not be able to answer the epithets, but I can say this much that there is a deep rooted suspicion between the workers and the management about each other

Shri G Rajaram (Armoor) I want to know whether the hon Minister for Labour is satisfied with the grounds declared for the lock-out

Shri V B Raju I have made it already clear that it is not a question of my satisfaction or dissatisfaction The matter has been referred to a Tribunal and action under S 10 (3) of the Industrial Disputes Act is being taken.

Shri V. D Deshpande · May I know when the Factory will begin to work as per the orders of the hon. Minister?

Shri V B. Raju. As I said, action is being taken under S. 10 (3)

Shri V D Deshpande Is it treated as urgent or are the orders going to be delayed?

Shri V B Raju My orders are for immediate action.

Shri V D Deshpande · When the lock-out had to be declared, is there no provision to the effect that the Government should be consulted in this matter, more or less, it being a semi-Government factory?

Shri V. B. Raju I am compelled to quote the statement of the same hon. member when he complained about declaring a particular industry as a public utility concern in which strikes are prohibited. He did not keep in view then about lock-outs also. The Government is not fully empowered to come in the way of such action by the Management.

Shri V D Deshpande There, the Managing Agent is different, but here one of the Secretaries to the Government is the Chairman of the Board of Directors Therefore, I want to know why the Government was not consulted when the lock-out was declared

Shri V B Raju The Chairman is a part and parcel of the Board of Directors and the Government is merely a share-holder

Shri L R Ganeriwal (Ramayan Pet) Is he a nominee of the Government of Hyderabad ?

Shri V B Raju Yes.

Shri L R Ganeriwal What are his duties and functions as Chairman of the Board of Directors ?

Shri V B Raju · He is a part and parcel of the Board of Directors and he has to preside over the meetings

श्री लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल —बोर्ड ऑफ डायरेक्टर्स की जो कारवाइयाँ होती है क्या जिनकी इत्तल्ला गव्हर्नमेंट को देना जरुरी नही है ?

Shri V B Raju I think the Department of Commerce and Industries and the Minister for Commerce and Industry must have had the information.

Shri V D Deshpande Is the Secretary not there on the Board as representative of the Government ?

Shri V. B. Raju . He is there representing the interests of the Government on the Board.

Shri M. S. Rajalingam Is it not his duty to defend public policy also in this respect ?

Shri V. B Raju . He is not there to enunciate policies He is there only to safeguard the monetary interests of the Government.

شری لکشمن کونڈا - کیا بورے بورڈ پر انہیں خصوصی اختیارات ہیں ؟

Shri V. B. Raju : This does not come under the purview of law.

شری وی۔ڈی - دیشپانڈے - اگر وہ گورنمنٹ کے نمائندے کے طور پر ہیں تو کیا وہ منسٹرس کامرس اینڈ انڈسٹریز کے تحت نہیں ہیں ؟

Shri V B. Raju I request the hon the Minister for Commerce and Industry to answer this question

श्री विनायकराव विद्यालंकार —— मिनिस्टर के तहत नहीं है। गव्हर्नमेंट के तहत है।

شری جی - راجه رام - اس فیکٹری میں گورنمنٹ کے کتنے پرسنٹ (Per cent) شیرس (Shares) ہیں؟

श्री. विनायकराव विद्यालंकार — पचास फीसद है।

I think it is about 50 per cent. The hon. the Finance Minister says it is 30 per cent

Mr. Speaker : I think we should close this matter now. I do not think it worthwhile to discuss this matter any longer.

Business of the House

Mr. Speaker : Now, before we proceed, I want to consult the House on one point.

آپ جانتے ہیں کل اور پرسوں تعطیلات ہیں - ۲۶ تاریخ کو ہم یہاں پھر ملینگے - میرے پاس ٹائم کے بارے میں ریپرزنٹیشنس (Representations) آئے ہیں اور یہ خواہش ظاہر کی گئی ہے کہ آئندہ سے ہم دو بجے سے ساڑھے چھ بجے تک اجلاس کریں - اس سلسلہ میں ہاؤس کی کیا رائے ہے یہ میں ہاؤس سے دریافت کرنا چاہتا ہوں -

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - اس سلسلے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ دو پہر کے سشن (Session) میں زیادہ سہولت ہوگی - یہ چیز تجربہ سے محسوس ہورہی ہے - اس لئے دو پہر میں سشن رکھنا مناسب ہوگا -

(Pause)

مسٹر اسپیکر - تو دوپہر کا سشن ہی مناسب ہے یہ ہاؤس کی رائے معلوم ہوتی ہے - ساڑھے چھ بجے تک ہم کام کرینگے - درمیان میں چار سے ساڑھے چار تک ریسس (Recess) کے لئے وقت دیا جائیگا -

شری ملیا کولور (سوراپور) - ہاؤس کے اکثر اراکین اضلاع سے آئے ہیں انہیں صبح میں کوئی کام نہیں رہیگا - اور صبح کا سشن رکھنے سے یہ بھی ہوتا ہے کہ ہم دوپہر میں بھی کام کرسکتے ہیں - اسلئے میں یہ کہونگا صبح میں جو سشن رکھا گیا تھا وہی مناسب تھا -

مسٹر اسپیکر - پہلے ہی ہاؤس کی رائے معلوم کی جاچکی ہے اور اس پر میں نے بھی تصفیہ کردیا ہے - اسکے بعد یہ مسئلہ مکرر پیش ہونا نامناسب ہے -

شری جی ۔ ہمت راؤ (ملگک) ۔ اسٹیمیٹس کمیٹی (Estimates Committee) جو یہاں قائم کی گئی تھی اسکی رپورٹ (Report) ہمیں نہیں دی گئی ۔

مسٹر اسپیکر ۔ دی جائیگی ۔ اب ڈیمانڈس (Demands) کا مسئلہ آپ کے سامنے پیش ہوگا ۔ آنریبل مسٹر فار اگریکلچر اینڈ سپلائی (Hon. Minister for Agriculture and Supply) اپنے ڈیمانڈس پیش کرینگے ۔

Demands for Grants

The Minister for Agriculture and Supply (*Dr. Channa Reddy*): Speaker, Sir, I beg to move that a sum not exceeding Rs. 2,29,500 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 29. The demand has the recommendation of the Rajpramukh

Speaker, Sir, I beg to move that a sum not exceeding Rs. 65,72,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 49 The demand has the recommendation of the Rajpramukh

Speaker, Sir, I beg to move that a sum not exceeding Rs. 2,19,975 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 57 The demand has the recommendation of the Rajpramukh.

Speaker, Sir, I beg to move that a sum not exceeding Rs. 15,00,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 61. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh

Speaker, Sir, I beg to move that a sum not exceeding Rs. 9,40,88,000 be granted to the Rajpramukh to defray the several charges which will come in course of payment for the year ending the 31st day of March 1953 in respect of Demand No. 96. The Demand has the recommendation of the Rajpramukh.

Mr. Speaker: What is the aggregate amount ?

Dr Channa Reddy: The aggregate amount for the five demands is Rs. 10,26,09,475.

Shri V. D Deshpande I rise on a point of information or rather a point of order. Demand No 61 for Food subsidy is Rs 15,00,000. In the original estimates I find it is Rs 2,00,000. Whether such an additional sum can be presented to the House without bringing in a supplementary demand is the point on which I wish to be clarified

Dr. Channa Reddy I am afraid, there is some misunderstanding In the Revised Budget presented by the hon. the Finance Minister, this sum was clearly specified under this heading

Shri V. D Deshpande I will read from the Civil Budget estimates

Mr Speaker It is in the revised Budget Estimates.

Shri V D Deshpande I want to be get clarified on this point · When the demand under this Head was 2 lakhs of rupees in the earlier Budget, how is it that it is 15 lakhs of rupees now? Why is it that, when a supplementary demand could be introduced later, this additional sum is included now itself in respect of this Department? Why not additional sums be likewise added with regard to other departments as well?

Dr Channa Reddy · I am afraid there is confusion about supplementary demands There is no question of supplementary demands at this stage The demand for Rs 15,00,000 is specifically mentioned in the revised budget which the hon. the Finance Minister has presented

Shri V D Deshpande : I think the present revised budget is a continuation of the old Budget

Mr Speaker . That is a different matter Supplementary demands will come up later when the departments concerned make up their accounts

Now, the motions for Demands Nos 29, 49, 57, 61, and 96, making an aggregate amount of Rs. 10,26,09,475 moved

We shall take up cut-motions.

DEMAND NO 29—SUPPLY DEPARTMENT

Shri B. Krishnaiah (Khammam) Mr Speaker, Sir, I beg to move .—

"That the demand under the head 'Supply Department' be reduced by Re 1 to discuss the procurement and Talafmal in Telangana

Mr Speaker Motion moved

"That the demand under the head 'Supply Department' be reduced by Re 1 to discuss the procurement and Talafmal in Telangana

(Shri K Venkataramarao, the next mover on the list, was not present in the House)

Shri B D Deshmukh (Bhokardan—general) Mr Speaker, Sir, I beg to move

"That the demand under the head 'Supply Department' be reduced by Re 1 to discuss procurement and levy prices in Marathwada."

Mr Speaker : Motion moved .

"That the demand under the head 'Supply Department' be reduced by Re 1 to discuss procurement and levy prices in Marathwada.

DEMAND NO. 49—AGRICULTURE

(Shri G Sriramulu, the next mover on the list, was not present in the House)

Shri K. Ramachandra Reddy (Ramannapeth) Mr Speaker, Sir, I beg to move ·

"That the demand under the head 'Agriculture' be reduced by Re. 1 to discuss the Grow More Food schemes"

Mr Speaker Motion moved

"That the demand under the head 'Agriculture' be reduced by Re 1 to discuss the Grow More Food schemes"

DEMAND NO. 57—TEXTILE COMMISSIONER

Shri V D. Deshpande · Mr. Speaker, Sir, I beg to move

"That the demand under the head 'Textile Commissioner' be reduced by Re 1 to discuss the textile policy of the Government

Mr. Speaker : Is there any particular grievance regarding this ?

Shri V. D Deshpande : If any specification is necessary, I shall put it as 'the supply of yarn to weavers'

Mr Speaker Motion moved

"That the demand under the head 'Textile Commissioner' be reduced by Re 1 to discuss the supply of yarn to weavers

DEMAND NO 61—FOOD SUBSIDY

Shri K Anantha Reddy (Balkonda) I beg to move

"That the demand under the head 'Food Subsidy' be reduced by Re 1 to discuss maladministration "

Mr Speaker Motion moved

"That the demand under the head 'Food Subsidy' be reduced by Re 1 to discuss maladministration "

Dr Channa Reddy I beg to submit, Sir, that I am unable to understand how maladministration and food subsidy go together.

Shri Anantha Reddy It comes under maladministration

Dr Channa Reddy : But even if it is so, there is the other Budget, but not the food subsidy.

Mr Speaker When the cut-motion is discussed, he will give details regarding that

(Shri Syed Akhthar Hussain, the next mover on the list, was not present in the House)

Shri V D Deshpande Mr Speaker, Sir, I beg to move

"That the demand under the head 'Food Subsidy' be reduced by Re 1 to discuss the discontinuation of the food subsidy by the Centre and the consequent increase in the prices of foodgrains.

Mr Speaker Motion moved .

"That the demand under the head 'Food Subsidy' be reduced by Re 1 to discuss the discontinuation of the food subsidy by the Centre and the consequent increase in the prices of foodgrains. "

DEMAND NO 95—CAPITAL OUTLAY ON STATE SCHEME OF STATE TRADING

(Shri K V Ramarao, the next mover on the list, was not present in the House)

Shri A Raj Reddy (Sultanabad) · Mr Speaker, Sir, I beg to move

"That the demand under the head 'Capital outlay on State Scheme of State Trading' be reduced by Re 1 to discuss the working of the Commercial Corporation and its functions

Mr. Speaker Motion moved

"That the demand under the head 'Capital outlay on State Scheme of State Trading' be reduced by Re 1 to discuss the functions of the Commercial Corporation"

Shri V.D. Deshpande · Mr Speaker, Sir, we do not know whether the Commercial Corporation is existing now So we shall discuss regarding the Corporation that is now dealing with state trading.

Mr Speaker These are all the cut-motions .

Shri L K Shroff (Raichur) Mr Speaker, Sir, copies of the lists of cut-motions have not been supplied, and some of the hon Members have not received them Lists Nos 3 & 5 have not been supplied

Mr. Speaker Probably they were supplied the very first day.

I am told the Party Whips are supplied with copies and it is the duty of the party whips to supply them to the hon Members

Shri L K Shroff This arrangement was made from list No 6, but not before that Before that, the Secretariat was supplying them.

Mr Speaker · But anyhow they were supplied

(Pause)

Shri Raj Reddy : Mr. Speaker, Sir, There is another cut-motion to demand No 96.

Mr. Speaker : Yes, I am sorry I omitted it.

I suppose it is cut-motion No. 3 to reduce the allotment of Rs. 9,40,88,000 for Capital outlay on State Scheme of State Trading by Re. 1.

Shri V D. Deshpande Cut-motion Nos. 2 and 3 to demand No. 96 are the same, but probably the specification is different.

Mr. Speaker So, Shri Raj Reddy's cut-motion refers to the Commercial Corporation and its functions This cut-motion has already been moved

Shri B Krishnaiah Mr Speaker, Sir, I beg to move

"That the demand under the Head 'Capital outlay on State Scheme of State Trading' be reduced by Re 1 to discuss the policy regarding the scheme of State Trading

Dr Chenna Reddy I think, it will faciliate if the hon. Member makes it more specific

Mr. Speaker This is rather put in a general way

Shri B. Krishnaiah I want discussion on State Trading in a general way

Mr. Speaker . Is it regarding the policy of the Government relating to State Trading or what?

(Pause)

Mr. Speaker : Probably, he does not want it.

Shri B. Krishaniah · Mismanagement of purchase

Mr. Speaker I could not follow.

Shri V.D. Deshpande Mismanagement in purchase of food-grains.

Mr. Speaker · Motion moved :

"That the demand under the head 'Capital outlay on State Scheme of State Trading' be reduced by Re 1 to discuss the mismanagement in purchase of foodgrains

I do not think we will take much time over this matter because I propose to close discussion just before or after recess. So, after 11.30 A.M, the Minister concerned will give his reply and it is necessary that the Members should try to finish their speeches in the meantime.

Shri Anant Reddy : It will be better if the Minister concerned answers after 12,

Shri V.D Deshpande : I beg to submit, Sir, that this Ministry is a sufficiently important one as it deals with the controversial problem of subsidy of foodgrains and also the controversial problem of supply of yarn besides the Hyderabad Commercial Corporation. Hence for discussing all these aspects, sufficient time will be required and probably the forenoon shall have to be devoted That is to say, we may have to sit in the afternoon and then the Minister can give his reply

Mr. Speaker At any rate, we will not sit in the afternoon for this subject. The thing is this. The Minister will be called upon to give his reply by 12 30 and afterwards we shall put the Cut-motions to vote either before 1 P.M. or just after a few minutes.

శ్రీ బి కృష్ణయ్య

అధ్యక్ష మహాశయా,

తెలంగాణాలో లెవీ పద్ధతి గత కొన్ని సంవత్సరాలనుంచి వివిధ రకాలుగా మారుతూ వస్తోంది ఈ పద్ధతి హైదరాబాదు సంస్థానములో ఉన్నటువంటి కరువులు నిర్మూలించడంకోసము ప్రవేశపెట్టబడ్డది. ప్రతిరైతువద్ద పండించిన పంటలో కొంత ధాన్యాన్ని వసూలుచేసి పట్టణాల్లోని ప్రజలకోసము తీసుకుపోవుటకు ప్రవేశపెట్టబడింది. ఈ లెవీ ప్రవేశపెట్టబడిన తరువాత ప్రజల ఆకలి ఎంతవరకు తీర్చగలిగింది? ఇది పట్టణాల్లోఉన్న ప్రజల తిండిసమస్యనుగాని పల్లెలలో ఉన్న బీదరైతాంగము యొక్క సమస్యలనుగాని తీర్చలేక పోయింది ఎందుకంటే ఈ లెవీ కమిటీలను పెద్ద పెద్ద భూస్వాముల జమీందారుల చేతులలో పెట్టుటవలన తమ కనుకూలమగు పట్టాలు ప్రవేశపెట్టడం, లెవీ వసూలు చేయడంవల్ల బీదరైతాంగం తెలంగాణాలో కరువు బాధకు గురికావడం జరుగుతోంది ఇంతకు పూర్వము కొంతాయి లెవీ సిస్టాన్ని ఇక్కడ ప్రవేశపెట్టారు. దీని ప్రకారం ౨౫ ౧/౨ మణుగుల ధాన్యం పండించే రైతునుంచి తప్ప లెవీ వసూలు చేయడం లేదు అంటే ప్రభుత్వం ఇచ్చిన లెక్కల ప్రకారం దాదాపు మూడు ఎకరాల మాగాణిగాని లేక పది ఎకరాల మెట్టగాని ఈ లెవీనుంచి మినహాయించబడింది. దాని తర్వాత మళ్ళీ ఒక క్రొత్త చట్టము ప్రవేశపెట్టడం జరిగింది ఇది బీద రైతాంగానికి నష్టము కలిగిస్తోందేగాని లాభం చేయడంలేదు ఇది ధనికులనుంచి ఎక్కువ లెవీ వసూలు చేయటానికని పెట్టారు ఇంతకు పూర్వము రైతులుతాము పండించిన ధాన్యం ౨౫ ౧/౨ మణుగులు వుంచుకొనుటకు వీలుండేది. గాని ఈ సిస్టము ప్రకారము అంతవరకు ధాన్యం రైతు వుంచుకోవడానికి వీలు కలుగుట లేదు ఈనాడు ప్రవేశపెట్టబడిన చట్టము ప్రకారము ప్రతి రూపాయి శిస్తు కట్టే రైతుకూడా లెవీ ధాన్యాన్ని కొలవాలసిందే ఒక రూపాయ మొదలు ఆరు రూపాయల వరకు శిస్తుకట్టేవారు ఎకరానికి ౧౨ శేర్లు కొలవాలనిపున్నది. తరువాత ఈ గ్రేడు పెరుగుతూ పోయింది. రు. ౫౦౦ ల పైన శిస్తుకట్టే రైతు ఎకరానికి ౫౪ శేర్లు కొలవాలి. ఈ చట్టం చూస్తేనికి జమీందార్లనుంచి ఎక్కువ ధాన్యం తీసుకోవడానికి కనబడుతోంది. పూర్వచట్టాన్ని, ఈ చట్టాన్ని చూస్తే, అప్పటికంటెల్లో బీదరైతాంగాన్ని

మినహాయించటం జరుగుటలేదు బీద రైతు ౨౧/౨ మణుగులు ధాన్యం పండిస్తే ఒక మణుగు ధాన్యం తీసుకో బడుతోంది పూర్వపు చట్టము ౨౧/౨ మణుగుల వరకు పండించే రైతును మినహాయించుట జరిగేది గాని ఇప్పటి చట్టంప్రకారము జమీందార్లు తమ కనుకూలముగా ఏరకంగాచేసుకుంటున్నారంటే పెద్దపెద్ద అధికారులను చేతులలో పెట్టుకోవడం తలఖ్‌మాఫ్ చేసుకోవడంజరుగుతోంది ఆ ప్రకారం ఒక ప్రక్క శిస్తుమిగుల్చుకొంటున్నారు రెండవ ప్రక్క ధాన్యాన్ని మిగుల్చుకొంటున్నారు మహబూబురెడ్డి జమీందారుకు ౧౨౦౦ ఎకరాల మాగాణీవుంది ౨౦౦ ఎకరాల మాగాణి తలఖ్‌మాఫ్ చేయించు కొంటాడు ఒకప్రక్క దీనికి లెవీయివ్వకుండా తప్పించుకోవడం, రెండోప్రక్క శిస్తు మాఫీ చేయించుకోవడం జరుగుతోంది ఒక వెయ్యి రూపాయలు తహశీల్దారుకు, కలెక్టరుకు ఇచ్చి నట్లైతే లెవీ శిస్తు మాఫీ అయిపోతుంది కాని బీద రైతాంగాన్ని మాత్రం మినహాయించరు

[Mr Deputy Speaker in the Chair]

పెద్ద జమీందారు భూమిని కౌలుకు ఇస్తాడు గాని, లెవీ కౌలుదారునుంచి వసూలు చేయబడుతోంది వెయ్యి ఎకరాలను కౌలుకు ఇచ్చినట్లయితే జమీందారు ఇవ్వవలసిన లెవీ, శిస్తుకూడ కౌలుదారువద్ద వసూలు చేయబడుతోంది ఇది నేను చూచాను జమీందారు ఇవ్వవలసినలెవీ ఎకరం ఒకటికి ౫౮ శేర్ల చొప్పున కౌలుదారు దగ్గరనుంచి వసూలు చేస్తున్నారు. గాని రైతు వీటిని జమీందారుకిచ్చే కౌలులోనుంచి ఇవ్వాల్సిఉంటుంది ఒక ప్రక్క జమీందారు పేరుతో కౌలు తీసుకుంటూ రెండోప్రక్క ఎకరానికి ప్రభుత్వానికి ౫౮ శేర్ల చొప్పున కొలవాలి తెలంగాణాలోని రైతు ఈ ప్రభుత్వ లెవీ విధానంవల్ల పూర్తిగా నాశనం అగుచున్నాడు ఈ లెవీ విధానాన్ని పూర్తిగా తీసివేయాలి రైతుల దగ్గరనుంచి ధాన్య సేకరణ చేసేటప్పుడు, వారి అవసరాలకు మినహాయించి మిగతాది తీసుకోవాలి పెద్ద పెద్ద భూస్వాములను ఆహార కమిటీలలోనుంచి తగ్గించి, ఇక్కడ పనిచేయుచున్న రాజకీయ పక్షాలలోనుంచి కొంతమందిని ఆ కమిటీలలో వేసి లెవీవసూలు చేస్తే బాగుంటుంది జమీందార్లనుండి న్యాయంగా ధాన్యం వసూలు చేస్తే ఆహార సమస్యను తీర్చవచ్చును కాని దీనికి ప్రభుత్వము సిద్ధముగా వున్నట్లు కనబడుట లేదు ప్రభుత్వం ఆహార సమస్యను తీర్చాలంటే మద్రాసు రాష్ట్రంలోగాని ఇతర రాష్ట్రాలలో గాని ఏ రకంగా జరుగుతోందో, ఆ రకంగా సేకరించడం మంచిదని నేను భావిస్తున్నాను అయితే రైతుకు నష్టము లేని పద్ధతిలో సేకరించాలి

Mr. Dy. Speaker · Members should not cross while an hon. Member is speaking.

శ్రీ బి కృష్ణయ్య—

ప్రభుత్వం ఈ లెవీ పద్ధతిని డబ్బు చెల్లించాలంటే నేరుగా రైతుకు ఇవ్వడంలేదు ఎవరెవరికో ఇవ్వడం జరుగుతోంది. వారు అది రైతులకు ఇచ్చే లోపల కొంత డబ్బును కాజేయడం జరుగుతోంది. ఒక ప్రక్క రైతు ఇవ్వవలసిన లేవీ ధాన్యం పూర్తిగా ఇస్తున్నప్పుడు, అతనికిరావలసిన డబ్బు పూర్తిగా రావడం లేదు ఒకొక్కప్పుడు రెండు మూడు సంవత్సరాలదాకా రైతుకు వెనుకబడిన డబ్బు ఇవ్వరు గాని రైతుమొర వినేవారు ఎవరు లేరు కాబట్టి ధాన్యాన్ని ప్రభుత్వం తీసుకునే టప్పుడు ప్రొక్యూరుమెంటు విధానాన్ని అవలంబించి రైతు పండించినది అతని అవసరాలకు

పోను మిగతా ధాన్యాన్ని రైతు ఇంటి దగ్గర తీసుకోవడం, వెంటనే డబ్బు కూడా ఇస్తే రైతుకు ఏ బాధ వుండదు ప్రభుత్వానికి కూడా కావలసినంత ఆహార ధాన్యాన్ని సేకరించడానికి అనువుగా వుంటుంది.

దాని తరువాత, ప్రభుత్వం ప్రవేశపెట్టినటువంటి చట్టాలను అధికారులు దుర్వినియోగము చేస్తున్నారు లెవీ విషయంలో గత సంవత్సరం ప్రవేశపెట్టిన లెవీ స్కీములో మొత్తం పంటలో సగము మాత్రమే వసూలు చేయాలని వున్నది. కాని అధికారులు, పటేలు పట్వారీలు రైతు ఎంత సేద్యము చేశాడో అంతా వసూలు చేశారు దానిని అధికారులు స్వయముగా అమ్ముకోవడం జరుగుతోంది అసలు ప్రభుత్వం ఏ చట్టాలను ప్రవేశ పెడుతోందో, వాటి అమలు ఏ ప్రకారం జరుగునో రైతులకు తెలియదు కాబట్టి రైతులు గిర్దావర్లమీద ఆధారపడక తప్పదు ఆ చట్టాలు రైతులకు ఏమాత్రం తెలియవు ఇప్పుడు ప్రవేశపెట్టిన లెవీ విధానం ప్రకారం రు ౯౦౦ల శిస్తు కట్టే రైతు ఎకరానికి ౫౦ శేర్లు కొలవాలి రు ౯౦౦–౪–౦ లు కట్టినప్పటికి ఎకరానికి నాలుగు శేర్లు అదనంగా ఇవ్వాలి ఒక రూపాయ మొదలు ఆరు రూపాయల వరకు శిస్తు కట్టే చిన్న రైతు ఎకరానికి ౧౮ శేర్లు కొలవాలి రు ౬–౪–౦ కట్టినప్పటికి ౫౩ శేర్ల చొప్పున ప్రభుత్వానికి కొలవ వలసి వస్తోంది కాబట్టి ఈ చట్టంవల్ల రైతుకు లాభం కలుగుట లేదు ఈ చట్టాన్ని తీసివేసి, మద్రాసు రాష్ట్రంలో ఉన్న విధానం అవలంబించిన . .

డా చెన్నారెడ్డి—

ఇప్పుడు మద్రాసు ప్రభుత్వము అవలంబిస్తున్న పద్ధతిని గురించే ఆనరబుల్ మెంబరుగారంటున్నారా ?

శ్రీ బీ కృష్ణయ్య—

మద్రాసు ప్రభుత్వం ఈ సంవత్సరం ఏదైనా ప్రవేశపెట్టిందేమో తెలియదు గత సంవత్సరంవరకు మద్రాసు ప్రభుత్వం రైతులు పండించే పంటలో రైతు అవసరాలకు పోను మిగతా ధాన్యాన్ని తీసుకొన్నది రైతుకు ఇంటివద్దనే డబ్బు కూడా ఇస్తున్నారు హైదరాబాదు ప్రభుత్వంకూడ ఆ పద్ధతిని ప్రవేశపెడితే బాగుంటుందని నేను అనుకుంటున్నాను దాని తరువాత, ఈ లెవీని తీసుకునేటప్పుడు పల్లాకు తరుగు ౪, ౫, ౬ శేర్లు తీసుకొనుట జరుగుతోంది గాని మళ్ళీ ఆ ధాన్యాన్ని అమ్మబోయేటప్పటికి పల్లాకు తరుగుక్రింద ఎక్కువడబ్బు తీసుకొనుట జరుగుతోంది. బియ్యం రు ౧౪–౧౦–౮ లకు తీసుకోవడం జరుగుతోంది కాని తిరిగి రూ ౨౦లకు అమ్ముట జరుగుతోంది అంటే ఆరు రూపాయిలు ఎక్కువరేటు తీసుకోవడం జరుగుతోంది గాని తరుగుక్రింద వేసిన ధాన్యం ఏమైపోతోంది ? దీన్ని తీసుకున్న అధికార్లు బ్లాకు మార్కెటులో అమ్ముకొంటు న్నారు. ప్రభుత్వం దీనివల్ల ఆదాయం సంపాయిస్తోందా? ఆ లెక్కలేమీ లేవు రైతు ఏవిధంగా ధాన్యం ఇస్తున్నాడో, అదేరేటుకు అమ్మాలని నేను కోరుతున్నాను.

రైతులకు కావలసిన, వ్యవసాయానికి అవసరమైన సామాన్లు ఇంతవరకు ఏ రైతుకు కంట్రోలు ధరలో దొరకలేదు పెద్దపెద్ద భూస్వాములకు మాత్రం కంట్రోలు ధరకు దొరుకుతాయి. రైతుమాత్రం వాటిని బ్లాకుమార్కెటులోనే కొనుక్కోవలసి వస్తోంది. బ్లాకుమార్కెటు చేసే వారిని ఈ చిన్న రైతు పట్టించినట్లయితే తిరిగి అతనికి సామాను దొరకదు., ,చిన్న క్రమముక్ష కావాలంటే తిరిగి ఆ రైతును అరెస్టు చేస్తారు

కంభములోని రైతులు అవసరమైన వ్యవసాయ పనిముట్లకు అధికార్లవద్దకు రాయబారం పెళ్ళితే, వాళ్ళమీద కేసుపెట్టి 30 మందిని జైలులో పెట్టారు ఇప్పటికికూడా అధికారులు అదేపద్ధతిలోవున్నారు అందుచే అధికారులు ఏమిచేస్తారో అని రైతులకు భయం పైగా వారికి సామానులు దొరకవు గాని పెద్దపెద్ద భూస్వాములకు, జమీందార్లకు వాళ్ళకు కావలసిన సామాన్లు కంట్రోలురేట్లకు దొరకుతాయి వారు వాటిని బ్లాకు మార్కెటులో అమ్ముకొంటారు

జమీందార్లవద్ద వారి అవసరానికి పోను మిగతా ధాన్యాన్ని సేకరించవచ్చునని ఉన్నది గాని ఈ చట్టములో అదేమీలేదు ఇదివరకు చట్టము చిన్న చిన్న రైతులను, మూడు ఎకరాల మాగాణిగాని ౧౦ ఎకరాల మెట్టగాని చేసేవారిని మినహాయించింది ఇప్పటి చట్టము అదికూడా మినహాయించడంలేదు ఈ రెండు చట్టాలను తీసివేసి, ప్రొక్యూర్మెంటు విధానాన్ని అవలంబిస్తే మంచిదని భావిస్తున్నాను వ్యవసాయావసర వస్తువులు రైతులకు గ్రామాలలోని పంచాయతీ కమిటీలు, కోఆపరేటివు సొసైటీల ద్వారాగాని పంచడం మంచిది లేనిచో తహాశీలు దారు పర్మిషన్ కావలసి వస్తోంది శుక్రవారం సమావేశం అవుతాం ఆ రోజుకు మీరంతా రావాలని చెపుతారు ఆ రోజున తాలూకాలోని రైతాంగమంతా వస్తుంది కాని ముగ్గురు నలుగురుకు మాత్రమే దొరకుతాయి మిగతా రైతులంతా తిరిగి పోవలసి వస్తోంది ఇంటివద్ద వ్యవసాయం వదులుకువస్తే ఇక్కడ సామాన్లు దొరకక నిరుత్సాహంతో వెళ్ళిపోవలసి వస్తోంది. రెండవసారి మళ్ళీ రావడంలేదు ఈ సామాన్లు ఎక్కువగా సప్లయిచేసి రైతాంగానికి అందేటట్లు చూడాలని కోరుచున్నాను

شریمتی شاہ جہاں بیگم (ورگی) - کیا میں یہ معلوم کرسکتی ہوں کہ ہر ممبر کو تقریر کے لئے کتنے منٹ کا وقت دیا جاتا ہے ؟

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - ٹائم مقرر تو نہیں - یہ ممبرس پر چھوڑ دیا گیا ہے اور وہ خود سلف امپوز (Self impose) کرلیں -

شریمتی شاہ جہاں بیگم - اگر کوئی ممبر ایک گھنٹہ لےلے تو ؟

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - آنریبل ممبرس سے توقع ہے کہ وہ ۱۰ - ۲۰ منٹ سے زیادہ نہیں لینگے -

شری بی - ڈی - دیشمکھ - میں نے ڈیمانڈ (Demand) نمبر ۲۹ کے سلسلے میں کٹ موشن (Cut-motion) پیش کیا ہے - حیدرآباد میں پہلے ایکریج کے حساب سے جو لیوی کلکشن (Levy Collection) کا طریقہ تھا اس سے کافی کلکشن ہوتا تھا لیکن اڈمنسٹریشن (Administration) غلط ہونے کی وجہ سے بیحد بدعوانیاں ہوتی تھیں اور کسانوں پر مظالم ہوتے تھے - نظام کی حکومت کے زمانے میں خیر ایسا ہوتا تھا - ۱۹۴۹ع میں حکومت نے بمبئی لیوی سسٹم (Bombay Levy System) یہاں رائج کیا - اس سلسلہ میں کسانوں کے لئے جو رعایتیں تھیں انکا بھی اعلان ہوا - لیکن مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ اس سسٹم میں تو ایسی خرابیاں نکلیں جو ایکریج سسٹم میں بھی نہ تھیں - اس

سلسلے میں ٹیبلس (Tables) بھی بنائے گئے - سب کچھ ہوا لیکن مشینری نا اہل ہونے کی وجہ سے یہ کامیاب نہ ہوسکا - چنانچہ حکومت نے خود اسکا اعلان کیا اور اعتراف کیا کہ حکومت کے کارکن لیوی سسٹم کو اچھی طرح سمجھ نہ سکے -

لیوی کا تعلق ایک ایسے طبقے سے ہے جو تعلیم یافتہ نہیں ہے - سائنٹفک (Scientific) طریقہ سے حساب و کتاب پیش کرکے کاشتکاروں سے یہ توقع کرنا کہ وہ اسے اچھی طرح سمجھ کر اس سے فائدہ اٹھا سکیں گے درست نہیں - نتیجہ یہ ہوا کہ پٹیل پٹواری اور گرداوروں نے اس سے فائدہ اٹھایا - بمبئی کا جو گریڈڈ لیوی سسٹم (Graded Levy System) یہاں نافذ کیا گیا اس میں یہ تصور کیا جاتا تھا کہ فلاں زمین پر اتنی پیدا وار ہوگی - اس حساب سے لیوی عائد ہوتی تھی - واقعہ یہ ہے کہ ہندوستان کی زراعت بالکل قدرتی حالات پر منحصر ہے - اس لحاظ سے یہ اندازہ مشکل ہے کہ کس زمین سے کتنا پروڈکشن (Production) ہوگا - اسکے علاوہ کچھ اور دشواریاں بھی ہیں - حسابی خرابیاں بھی ہیں - مختلف نقشے تیار کرنے پڑے ہیں - چنانچہ عملاً اس سسٹم میں اتنا کلکشن (Collection) نہیں ہوا جسکی توقع تھی - اس لحاظ سے یہ ناکام ثابت ہوا - اور دوسرے سسٹم کو نافذ کرتے ہوئے حکومت نے یہ تسلیم کیا کہ بمبئی لیوی سسٹم کو یہاں کے عہدہ دار سمجھنے سے قاصر رہے -

بہر حال لیوی کے سلسلے میں کئی سسٹمس (Systems) نافذ ہوئے - لیکن عمل کرنے میں جو خرابیاں پیدا ہوئیں وہ ہر لیوی سسٹم کی ناکامی کا باعث ہیں - سپلائی ڈپارٹمنٹ (Supply Department) کا وہ طبقہ جس میں گرداوروں سے تحصیلدار تک شامل ہیں ہر سسٹم کو ناکارہ ثابت کرتا ہے - دوسری چیز یہ کہ واقعی جیسی پیدا وار ہونی چاہئے ویسی نہیں ہوتی - حکومت تو کسان سے مقررہ مقدار چھوڑ کر باقی غلہ لیوی میں حاصل کرلیتی ہے - اور حکومت نے راشننگ ایریا (Rationing Area) میں غلہ سپلائی (Supply) کرنے کی ذمہ داری لے رکھی ہے لیکن نان راشنڈ ایریا (Non-Rationed Area) کےلئے وہ غلہ سپلائی کرنے کی ذمہ داری نہیں لیتی - اسکا نتیجہ یہ ہوا کہ گذشتہ سالوں میں ٹیننٹس (Tenants) اور کسانوں کو پریشانیوں سے دو چار ہونا پڑا اور سنہ ۱۹۵۰ع میں تو مرہٹواڑہ کے بعض علاقوں میں قحط کے حالات بھی پیدا ہوگئے - وہاں نہ تو غلہ سپلائی کرنے کا انتظام حکومت نے کیا اور نہ چیپ گرین شاپس (Cheap Grain Shops) ہی کھولی گئیں - غریب کسان کے پاس جو کچھ تھا وہ تو لیوی میں چھین لیا گیا - اور لیوی دیدینے کے بعد کسان کی یہ حالت ہوگئی کہ اسکے گھر میں ایک دانہ نہیں رہا - بھوکے مرنے کی نوبت آگئی - آپ وہاں کے حالات کا صحیح جائزہ نہیں لیتے - نتیجہ یہ ہے کہ کسان پریشان ہے - جتنا پہلے ہی سے ان حالات کی وجہ سے پریشان تھی جو گذشتہ دور میں تھے - میں یہ کہونگا کہ ٹریژری بنچس (Treasury Benches) کے کوئی آنریبل ممبر لیوی کے سلسلے میں ان علاقوں میں گھومیں اور معلوم کریں کہ صحیح حالات کیا ہیں - یہ حقیقت ہے کہ آج تک لیوی سے خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوا -

اسکی وجہ یہ ہے کہ یہاں جس طریقہ پر عمل ہو رہا ہے وہ سائنٹفک (Scientific) طریقہ سے مطابقت نہیں کرتا اور جو اڈمنسٹریشن (Administration) یہاں کام کر رہا ہے وہ بھی بہت ان ایفیسنٹ (Inefficient) ہے اور عہدہ دار اپنے کو اسکے ذمہ دار تصور نہیں کرتے ۔ لیوی کے وصول کرنے میں جو خرابی پہلے تھی وہ اب بھی ہے اور جنس لیوی وصول کی جاتی ہے وہ پوری گودام میں داخل نہیں کی جاتی ۔ حکومت کو چاہئیے کہ وہ اس ضمن میں انتظام کرے ۔ ہمیں معلوم ہے کہ جو لیوی وصول کی جاتی ہے اسکی قیمت دو دو تین تین مہینے تک کسانوں کو ادا نہیں کی جاتی ۔ کیونکہ گودام میں وقت واحد میں پانچ ہزار سے زیادہ رقم موجود نہیں ہوتی ۔ اسکے علاوہ دو روپیے چالان کے ساتھ الگ لئے جاتے ہیں اور دو دو مہینے تک تحصیل کے مستقر پر کسانوں کا ہجوم رہتا ہے ۔ ایسی ہزاروں اطلاعیں اخباروں میں بھی آئی ہیں ۔ یہ وقت کسان کے لئے بہت ہی کام کا ہوتا ہے ۔ کسانوں کا اسطرح وقت خراب ہونے سے ان کا کتنا نقصان ہوتا ہے اسکا اندازہ حکومت کو نہیں ہے ۔ یہ تمام وقت محض رقومات کی وصولی کے سلسلہ میں کٹ جاتا ہے ۔ اگر نقصان فی کس ایک روپیہ کے حساب سے مقرر کیا جائے تو دس دن میں دس روپے کا نقصان ہوتا ہے ۔ تولنے پر بھی سمت میں چار روپیے فی پلہ کمی کی جاتی ہے ۔ یہ طرز عمل ایسا ہے جسکی وجہ سے کاشتکار کو بہت نقصان ہوتا ہے ۔ باوجود اسکے کہ وہ حکومت کو لیوی دینے کے لئے تیار ہے کیونکہ کوئی کاشتکار ایسا نہیں ہے جو پیدا وار کو بغیر بیچے اپنا کام جاری رکھ سکے اسلئے وہ جیسے ہی اناج تیار ہوتا ہے اسکو بیچ دیتا ہے ۔ لیکن ان درمیانی خرابیوں کی وجہ سے اسکو بہت نقصان پہنچتا ہے اور وہ کچھ نہیں کرسکتا ۔ سابقہ گریڈیڈ لیوی سسٹم (Graded Levy System) میں کم از کم اسکی تو گنجائش بھی کہ اگر وہ چاہتا تو ۲ - ۲۵ من اناج رکھ سکتا ۔ لیکن حالیہ اسکیم (Scheme) میں جملہ کسانوں پر مساوی طریقہ سے لیوی عائید کی گئی ہے ۔ اس طریقہ کی وجہ سے چھوٹے سے چھوٹے کسان کو بھی پوری لیوی ادا کرنی پڑتی ہے ۔ حیدرآباد میں ایسے ۲ ہزار سے زیادہ کسان ہیں جنکو موجودہ لیوی کے طریقہ سے بہت نقصان پہنچتا ہے ۔

دوسری بات یہ ہے کہ ہر ٹیننٹ (Tenant) کو ۵۰ پرسنٹ (Per cent) غلہ بطور معاوضہ آراضی مالک کو دینا پڑتا ہے ۔ اور لیوی کے سلسلہ میں پچاس پرسنٹ علحدہ دینا پڑتا ہے ۔ لیوی سسٹم میں جو نوٹس (Notice) دیجاتی ہے وہ ٹیننٹس کے نام پر دیجاتی ہے ۔ اسطرح دس چار سو روپے مالک الگ وصول کرتے ہیں ۔ اس وجہ سے زراعتی طبقہ بہت مفلوک الحال ہے ۔ رورل ایریا (Rural Area) میں حکومت نے یہ اعلان بھی شائع کیا تھا کہ ایسے سارے ایریا (Area) میں زرعی مزدوروں کو جو دس یا پندرہ روپیے کا غلہ خریدتے ہیں راشننگ شاپ (Rationing Shop) سے غلہ دیا جائیگا ۔ لیکن وہ بھی نہیں ہوا ۔ میں یہ پوچھتا ہوں کہ ملک میں جب بھوکے کسان ہیں تو کیا حکومت کا یہ عین فرض نہیں کہ ہر مقام پر اور ہر جگہ غلہ دینے کی اسکیم (Scheme) اختیار کرے ؟ قدیم زمانہ میں جبکہ لیوی

سسٹم (Levy System) نہیں تھا جو بادشاہ ہوتے تھے وہ بھی اپنا یہ فرض سمجھتے تھے کہ غلہ سب کو دیا جائے۔ بڑی بڑی ریاست کے مالک شہروں میں رہتے ہیں اور غریب کسان قانون کی زد سے بچنے کےلئے تمام غلہ حکومت کو دے دیتے ہیں۔ لیکن بعد میں ان کو بھوکے مرنے کی نوبت آتی ہے -

ہمارے پاس باجری جوار کی قیمت ۲۴ روپیے خالی فی پلہ دیجاتی ہے۔ لیکن بازار میں ۴۲ روپیہ آتی - جی فی پلہ دیجاتی ہے جو ۲۸ روپیے خالی کے لگ بھگ ہوتے ہیں - یہ بھی بڑی نا انصافی ہے - وہی حالت گیہوں اور چاول کی بھی ہے - اسطرح کسان کو جو قیمت دیجاتی ہے وہ بھی بہت کم ہے۔ اسکو حکومت نے بھی تسلیم کیا اور یہ وعدہ کیا کہ اسکی قیمت بڑھائی جائےگی کیونکہ اس سے کسان طبقہ متاثر ہوتا ہے -

دوسری چیز جو میں حکومت کی نظر میں لانا چاہتا ہوں وہ یہ ہے کہ آج جولیوی سسٹم ہمارے پاس قائم کیا گیا ہے وہ بہت خراب ہے جس سے ٹیننٹس (Tenants)ہوں یا لگاندار۔ پروٹکٹڈ (Protected) ہوں یا ان پروٹکٹڈ (Unprotected) ان سب کو بہت نقصان پہنچتا ہے کیونکہ ہمارے پاس کا جو کسان طبقہ ہے وہ ان مظالم سے بچ نہیں سکتا -

تیسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ قیمتوں کے بارے میں ہے - لیوی (Levy) کی جو قیمتیں دیجاتی ہیں ان میں اضافہ نہیں کیا گیا - حکومت کا کہنا ہے کہ ہم اسکی زیادہ قیمت نہیں دے سکتے کیونکہ اس سے سلنگ ریٹس (Selling Rates) بڑھ جائینگے۔ حکومت کی جانب سے ۲۸ روپیہ فی پلہ کے حساب سے جوار خریدی جاتی ہے اور اسکو بحساب ۳۷ روپیہ فی پلہ دوکانداروں کو بیچا جاتا ہے - دوکاندار اسکو ۴۰ روپیے کے نرخ سے فروخت کرتے ہیں - اس طرح فی پلہ ۱۰ - ۱۲ روپیے کا فرق پڑتا ہے جسکو میں زیادہ کہونگا کیونکہ اگر کوئی شخص ۱-۲ آنے فی روپیہ کماتا ہے تو ہم اسکو نفع اندوزی کہتے ہیں لیکن کارپوریشن (Corporation) ۱۰ - ۱۲ روپیہ فی پلہ کماتا ہے اور جو جوار ۲۸ روپیے فی پلہ کے حساب سے خریدی جاتی ہے وہ ۴۰ روپیہ فی پلہ سے فروخت کی جاتی ہے یہ کس طریقہ اور کس کاروباری اصول سے صحیح ہے میں نہیں سمجھتا۔ اسلئے سپلائی ڈپارٹمنٹ (Supply Department) کے کاروبار پر نظر ثانی کرنا ضروری ہے - جو لیوی پورے ملک سے وصول کی جاتی ہے وہ نہیں معلوم کن کن مقامات پر گھومتی ہے جسکی وجہ سے اسقدر اخراجات عائد ہوتے ہیں - چند ایسے بھی گودام ہیں جنہیں حکومت کی نظر میں لانا چاہتا ہوں جہاں غلہ خراب ہوگیا لیکن نہ تو منتقل کیا گیا اور نہ عوام میں تقسیم کیا گیا - سپلائی ڈپارٹمنٹ میں بہت سی خرابیاں ہیں اور اس سے کسان طبقہ کو جو ہمارے ملک کی خوشحالی میں اضافہ کر سکتا ہے بہت نقصان پہنچ رہا ہے - آنریبل منسٹر فار اگریکلچر (Hon. Minister for Agriculture) نے جو اسٹیٹمنٹ (Statement) محکمہ زراعت سے متعلق دیا ہے اس سے اسباب کی وضاحت ہوگی کہ ہمارے ملک کی

پیدا وار میں کتنا اضافہ ہوا اور اس پر کتنا روپیہ خرچ ہوا - یہ اسٹیٹمنٹ ۴ - مئی سنہ ۱۹۵۲ء تک کےلئے ہے جس میں جوار سے متعلق تفصیل دی گئی ہے -

۴۹ - ۱۹۵۰ء میں ۶۶ لاکھ ایکڑ ایریا (Area) میں ۸ لاکھ ٹن جوار -

۵۰ - ۱۹۵۱ء میں ۷۲ لاکھ ایکڑ ایریا (Area) میں ۸ لاکھ ۶۲ ہزار ٹن جوار -
۵۱ - ۱۹۵۲ء میں ۷۳ لاکھ ایکڑ ایریا میں ۸ لاکھ ۷ ہزار ٹن جوار بتلائی گئی ہے - میں پوچھتا ہوں کہ جس وقت ۶۶ لاکھ ایکڑ ایریا زیرکاشت تھا اس وقت کی پیدا وار ۸ لاکھ ٹن تھی لیکن اب ۷۳ لاکھ رقبہ ہونے کے با وجود صرف ۸ لاکھ ۷ ہزار ٹن کی پیدا وار ہوئی ہے - زراعت کو اہمیت دیکر کروڑہا روپیہ خواص کے نام پر صرف کیا جا رہا ہے یہ معلوم کیا ہو رہا ہے - کیا یہ پروگریس (Progress) تشفی بخش ہے؟ سپلائی ڈپارٹمنٹ (Supply Department) کے کاروبار پر نظر ثانی کی ضرورت ہے - دیکھنا چاہئے کہ جو روپیے خرچ ہو رہے ہیں ان سے حقیقی طور پر کسانوں کو کوئی فائدہ پہنچ رہا ہے اور وہ اس سے مستفید ہو رہے ہیں یا دوسرے لوگ اس سے ناجائز طور پر فائدہ اٹھا رہے ہیں - میں نے اسلئے کٹ موشن ہاؤس کے سامنے لایا ہے کہ پورا ہاؤس ان حقائق سے واقف ہوکر مجھ سے متفق ہو اور میرے کٹ موشن کی تائید کرے اور اسکو منظور کرے -

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - شری رام چندراریڈی -

श्री लक्ष्मीनिवास गनेरीवाल :— क्या तकरीरो के लिये कोई टाइम लिमिट (Time limit) रखी गई है ?

مسٹر ڈپٹی اسپیکر - کوئی خاص ٹائیم مقرر نہیں کیا گیا ہے - آئندہ تقاریر کے سلسلہ کو دیکھتے ہوئے اگر اسکی ضرورت ہو تو ٹائیم لمٹ لگائی جائیگی -

శ్రీ కె రామచంద్రారెడ్డి —

అధ్యక్ష మహాశయా,

ఇప్పుడు ఏదైతే కోత ప్రతిపాదన ప్రవేశపెట్టానో ఆ వ్యవసాయ శాఖమీద ఖర్చును గురించి ఆధీకార లెక్కలు చూచినట్లయితే, అది దేశానికి ఎంతవరకు లాభమో బోధపడుతుంది గౌరవ నీయులు వ్యవసాయశాఖ మంత్రిగారు రు ౮౦,౬౩,౦౦౦ లు వ్యవసాయశాఖకు బడ్జెటు పెట్టారు దీనిలో ఎక్స్పెరిమెంటల్ ఫారంకు రు ౫,౫౨,౦౦౦ లు ఖర్చుపెట్టనున్నారు అనగా పెద్దపెద్ద పట్టణాల్లో ఈ ఏక్స్పెరిమెంటల్ ఫారమ్సు ఏర్పాటుచేసి భూమి ఎట్లావుండునో పరిశోధించు టకు ఈ పద్దులోనుంచి రు ౫,౫౨,౦౦౦ లు వృధాగా ఖర్చు అవుతోంది అసలు ఎక్స్పెరిమెంట్ చేయకూడదా అంటే ఈనాటి మన రాష్ట్ర పరిస్థితులలో ఆ ఎక్స్పెరిమెంటు ఎంతవరకు ఉపయోగ పడుతుందో ఆలోచించాలి పట్టణాల్లో పెద్దపెద్ద బిల్డింగ్సులో కూర్చొని ఎక్స్పెరిమెంట్సు చేస్తూంటే రైతాంగానికి ఏమి లాభము కలుగుట లేదు అసలు ఇటువంటి శాఖ ఉన్నదని రైతాంగానికి తెలియదు ఏదో కొద్దిమంది పెద్ద భూస్వాములకు తప్ప అధికసంఖ్యాకులగు రైతులకు తెలియుటలేదు దీనికి అయిదు లక్షలకు పైగా ఖర్చుపెట్టడం నా దృష్టిలో దేశానికి ఏమాత్రం లాభంగా లేదని అనుకొంటున్నాను

గ్రోమోరుఫుడ్స్ (Grow more food) అంటూ అనగా అధికాహారోత్పత్తి, ఎక్కువ చేయాలని రు ౬౨,౯౧,౬౦౦ ఖర్చుపెడుతున్నారు గాని రు ౬౨,౯౧,౬౦౦లు కేవలం అధికాహారోత్పత్తి ఎక్కువ చేయాలనే దృష్టితోనే ఖర్చు పెడుతున్నారా ?

చెట్లునాటుట ఈ అధికాహారోత్పత్తి క్రిందనే తీసుకుంటున్నారు వీటిని ఉద్యోగస్తులే నాటారు గాని నీరులేక కొన్ని లక్షల, వేలచెట్లుఎండిపోయాయి ఫలితం ధాన్యం పైగా ఎంతోడబ్బు నష్టమయింది ఈ అధికాహారోత్పత్తిక్రింద ఎంతపండుతుందో ఆలోచించకుండా డబ్బు పెడుతున్నారు ఎక్కువ డబ్బు ఈ శాఖలో పనిచేసే ఉద్యోగులకు మాత్రమే ఖర్చు అవుతోంది.

వెల్ ఇర్రిగేషన్ (Well irrigation) క్రింద బావులు త్రవ్వించడం జరుగుట లేదు రైతాంగానికి అసలు ఈ స్కీము ఉందని తెలియదు.

సప్లయి ఆఫ్ అయిల్–ఇజన్సు అండ్ పంపులు ఎవరికి చెందుతున్నాయని చూస్తే వందలు వేల ఎకరాలున్న జమీందార్లకు ఆయిల్–ఇంజన్లు, పంపులు సప్లయి చేయబడుతున్నాయి ఈ విధంగా డబ్బు ఖర్చు నూటికి ఏ ఐదు, ఆరుగురికో లాభిస్తోందిగాని నూటికి ౬౦, ౨౦మంది వ్యవసాయంచేసే బీద రైతాంగానికి ఉపయోగ పడుట లేదు వీళ్ళకు ఏమీ సప్లయి చేయరు. వాటిని కొనుక్కునే స్థితిలోకూడా లేరు అధిక ఆహారోత్పత్తి క్రింద వాస్తవికంగా పంటను ఎక్కువ చేయాలి కాని ఏ కొద్దిమందికో ఆయిల్–ఇంజన్లు పంపులు ఇస్తున్నారు బీద రైతాంగానికి ఏమీ అందుట లేదు అసలు ఈ శాఖవుందని గాని, పంట అభివృద్ధికి ప్రభుత్వం పాటు పడుతోందని గాని వారికి తెలియదు ఈ శాఖ పని ఎట్లా జరుగుతోందో ప్రభుత్వంవారు ప్రోపగండా చేస్తున్నట్లు నేను ఎక్కడా వినలేదు.

అధికాహారోత్పత్తిక్రింద తక్కావివుంది ఇది పట్టాదార్లకు మాత్రమే లాభంగా వుంది పెద్ద పట్టాదార్లకు గూడ ఏ కొద్దిమందికి మాత్రమో తక్కావి దొరుకుతుంది చిన్న పట్టాదార్లకు అసలే దొరకదు ౨ లక్షల రక్షిత కౌలు ఫారములు ఇచ్చామని చెబుతారు కాని ఎందరో కౌలుదార్లు మిగిలిపోయారు కౌలుదారు రైతులకు తక్కావి దొరకదు పట్టాదార్లు కొద్దిమందే ఉంటారు. అందుచే ఈ తక్కావి బీద రైతాంగానికి తోడ్పడుటలేదు ధనిక రైతాంగం కొద్దిమందికి మాత్రమే దొరుకుతోంది అధిక సంఖ్యాకులగు అనగా రెండు మూడు ఎకరాల మాగాణి పది ఎకరాల మెట్టు చేసేవారికి దొరకుట లేదు పేరుకనగపిండి, ప్యాడిమిక్స్చర్ గూడా వందలాది ఎకరాలు గలవారికి మాత్రమే దొరుకుతుంది

మైనర్ ఇర్రిగేషన్ ప్రాజెక్టుల విషయంకూడా ఆలోచించాలి పెద్దపెద్ద ప్రాజెక్టులకు స్కీములు తయారగుతున్నాయి గానీ చెరువులు, గుంటలు ఎన్నో వున్నాయి వీటికి డబ్బు ఖర్చు పెడితే ఎక్కువ రైతాంగానికి లాభం వుంటుంది వ్యవసాయం వృద్ధి చెందుతుంది పెద్ద ప్రాజెక్టులు పెట్టవద్దని కాదు. అది కొన్ని ఏండ్ల కార్యక్రమము ఈ పెద్ద ప్రాజెక్టుల కార్యక్రమము కొనసాగిస్తు ముందు చిన్న చిన్న ఇర్రిగేషన్ ప్రాజెక్టులవిషయం ఆలోచించి, చేసినట్లయితే అధికాహారోత్పత్తికి ఎక్కువ తోడ్పడుతాయి. తెగిపోయిన కుంటలు, చెరువులు ఏటికాలువలు, ఇటువంటివి వందలు వేలు వున్నవి, బాగు చేయించవలసినవి పైవాటిని బాగుచేయించిన ఎడల లక్షల ఎకరాల భూమి సేద్యమగును. పంట ఎక్కువ పండుతుంది అధికసంఖ్యాక రైతాంగానికి లాభము కలుగు తుంది,

ఎక్స్పెరిమెంటల్ ఫారమ్సు క్రింద సింహాచలం సాగరులో జరుగుచున్న పనిని గౌ వ్యవసాయ శాఖ మంత్రిగారు మాకందరికి చూపించారు ఇవి చేయాలికాని మనకున్న ఈ పరిస్థితులలోనా అనే విషయం ఆలోచించాలి ఆ పరిశోధన ఫలితం పుస్తకాలు చదివేవారికే తెలియాలిగాని దేశం బాగుపడులోందా అంటే ఏమీలేదు ఇవన్నీ బీదరైతులకు ఏమాత్రము తెలియుటలేదు గ్రామాల్లో ఎరువులున్నాయి గొఱ్ఱెలు, మేకలు పశువులు ఎరువు భూమికి ఎక్కువ బలం గొఱ్ఱెలను, మేకలను మేపుటకు అడవులు, కంచెలు ఉంచినట్లయితే బీద రైతాంగానికి ఎక్కువ లాభం కొయ్య నాగలిద్వారా పంట అభివృద్ధి అవుతోందా అంటే కావడం లేదు గాని పెద్దపెద్ద పట్టణాల్లో ఆఫీసర్లను పెట్టి ఎక్స్పెరిమెంట్సు చేయిస్తూంటే ఈ దేశపరిస్థితులలో ఉపయోగం కనపడుటలేదు ఆ ఎక్స్పెరిమెంటు స్టేజెస్ ముందు ఉంటాయి అవి చేయకూడదనికాదు

ఇంకొక విషయమేమంటే కోతకువచ్చినపంట నూటికి నాలుగవవంతు అనగా నాలుగు వీసాలపంట అడవిజంతువులు పందులపాలవుతోంది ఈ నష్టాన్ని ఆపుచేయడానికి ఏవిధమైన ప్రయత్నము చేయకుండ ప్రజలడబ్బును అనవసరంగా ఖర్చుపెడుతున్నారు ఈలాంటి విషయాల మీద ఎక్కువగా కేంద్రీకరించి ఆ డబ్బు ప్రజలకు ఉపయోగపడే విధంగా చేయాలి.

చెట్లునాటడం, తక్కావి, ఆయిల్–ఇంజన్లు, పంపులవల్ల ఏదో కొద్దిమందికే లాభం కలుగు లోంది దానివల్ల మాత్రమే పంటపండదు ౧౨౫ లక్షల రూపాయలు ౫ సంవత్సరముల పేరు మీద తీసుకొంటున్నారు మాల్ గుజారినుంచి ౬౦ లక్షలు తీసుకొని ఇప్పుడు ౧౨౫ లక్షలు అసలు ఖజానాలోనుంచి తీసుకొనిచేయడం జరుగుతోంది ఇంతడబ్బు ఖర్చుచేయడం ఎంతవరకుపయోగ కరమో అధికారవర్గము ఆలోచించాలని నేను కోరుతున్నాను

అధికాహారోత్పత్తి లెక్కలుచూస్తే ప్రభుత్వం ౧౯౪౭–౪౮ రిపోర్టులో ౧౩,౦౫,౬౬౭ ఎకరాల మాగాణి సేద్యంలో ౪,౫౯,౧౦౮ టన్నుల బియ్యం పంటతేలినది

భూవైశాల్యం—౧౩,౦౫,౬౬౭ మాగాణి పంట—౪,౫౯,౧౦౮ టన్నులు.

౧౯౫౧—౫౨ లో వైశాల్యం ఎక్కువ—పంటతక్కువ వైశాల్యం—౧౪,౨౫,౩౭౪, పంట ౪,౩౪,౮౩౦ టన్నులు అనగా ౭౪, ౭౨౯ టన్నుల బియ్యం తక్కువ. ఈ పరిశోధనల ఫలితంగా అధికాహారోత్పత్తిక్రింద పంట ఎక్కువ కావాలి గాని ఫలితం శూన్యంగానే ఉంది.

౧౯౪౮ లో జొన్నపంట—భూవైశాల్యం—౬౭,౪౪,౨౬౮, జొన్నపంట ౮,౬౫,౦౧౪ టన్నులు.

౧౯౫౧—౫౨లో ౨౩,౬౭,౩౩౫ ఎకరాల భూవైశాల్యం. ఖాస్తు సేద్యంపంట ౮,౦౨,౮౧౧ టన్నులు జొన్నలు భూవైశాల్యం పెరిగింది ౧౧,౧౨,౫౬౭ భూవైశాల్యం ఖాస్తు ఎక్కువ చేశారు ౫౭,౭౦౩ టన్నుల పంట తక్కువ

ఈ వ్యవసాయశాఖమీద ఇంత డబ్బు ఖర్చు పెడుతూంటే పంటఫలితం ఇదీ రైతాంగానికి ఎలా సహాకారం చేయాలో, ఎలా పండించాలో ఎరువులను గురించిన ప్రచారం ఈ(**Propaganda**) విషయం బడ్జెటులో ఏమాత్రం లేదు గౌరవనీయులు వ్యవసాయ మంత్రిగారిని ప్రధానంగా కోరే దేమిటంటే ఈ శాఖలో డబ్బు ఎక్కువ ఖర్చుగుతోంది ఆఫీసర్లు ఎక్కువమంది ఉన్నారు. వీరికి ఎక్కువ జీతనాలపేరుమీద్ద లక్షల రూపాయలు ఖర్చు అవుతోంది పండించే భూవైశాల్యం

ఎక్కువగావుతోంది కానిపంటతగ్గిపోతోంది (Experiments) చేస్తున్నారుగాని ప్రజలకు వాటి ప్రయోజనం కనబడుటలేదు కాబట్టి ప్రభుత్వమువారు ఈ విషయాలన్నీ ఆలోచించి సరియైన చర్య తీసుకొంటారని కోరుతున్నాను ఈ విషయాలన్నీ మీముందు పెట్టాలని ఈ కోతప్రతిపాదన ప్రవేశపెట్టాను వీటి విషయమై వ్యవసాయశాఖ మంత్రిగారు వెంటనే శ్రద్ధ తీసుకోవాలని కోరుతూ నాఉపన్యాసాన్ని ముగిస్తున్నాను

شری وی - ڈی - دیسپانڈے - میرا کٹ موشن (Cut-motion) ٹیکسٹائل (Textile) کے سلسلہ میں ہے - قدیم زمانہ میں ویورس (Weavers) کے جو حالات تھے انکی طرف میں توجہ دلانا چاہتا ہوں - ایک زمانہ تھا جبکہ ویورس کو یارن (Yarn) ملنے کے سلسلہ میں پوری ریاست بھر میں ایک سوال پیدا ہوا تھا - ہر جگہ انجمنیں بنا کر یارن (Yarn) لینے کے سلسلہ میں کوشش کی گئی - آج کے حالات اون حالات کے مقابلہ میں بہتر ہیں - لیکن جتنے تسلی بخش ہونے چاہئیں ویسے نہیں ہیں - ایک زمانہ میں جب ناندیڑ ویورس اسوسی ایشن (Nanded Weavers' Association) کے ساتھ میرا تعلق تھا اوس وقت جو واقعات میرے سامنے آئے اسکی بنا پر اور حال ہی میں جو واقعات پیش آئے ہیں اونکی بنا پر بھی میں محسوس کرتا ہوں کہ ویورس کو کافی یارن ٹھیک طریقہ پر مہیا کرنے کے انتظام پر زیادہ توجہ دینے کی ضرورت ہے - اس سلسلہ میں سنٹرل کوآپریٹیو ہینڈلوم ویورس اسوسی ایشن (Central Co-operative Hand-loom Weavers Association) کس طرح کام کر رہی ہے اور کس طرح کامیاب ہو رہی ہے میں اس پر کچھ روشنی ڈالنا نہیں چاہتا - کوآپریشن (Co-operation) کا مسئلہ جب آئیگا اسوقت اسکی ری آرگنائزیشن (Re-organisation) کسطرح ہوگی طے ہوگا - میں محسوس کرتا ہوں کہ اصلاع میں کوآپریٹیو سوسائٹیز (Co-operative Societies) کی ضرورت ہے - لیکن ہمیں اس کے ساتھ ساتھ یہ دیکھنا پڑیگا کہ یہ کوآپریٹیو سوسائٹیز کسطرح کام کر رہی ہیں - یہ دیکھکر ویورس کے مسئلہ کا انتظام ہونا چاہئے - اسکے ساتھ ساتھ دوسری چیز یہ ہے کہ ویورس (Weavers) کو صرف یارن دینے سے مسئلہ حل نہیں ہوگا - آج ہزاروں ویورس بیروزگار ہیں - اور حیدرآباد میں ان کے لومس (Looms) کی تعداد ایک لاکھ سے زیادہ ہے اور ان پر پندرہ لاکھ لوگوں کی زندگی منحصر ہے - ان کے ان امپلائیمنٹ (Unemployment) کا سوال کس طرح حل کیا جائے اور اسکی وجہ سے ملک میں انڈسٹریلائزیشن (Industrialisation) کہاں تک بڑھ سکتا ہے، یہ دیکھنا پڑیگا - لیکن اس درمیانی عرصہ میں کونسا راستہ نکالنا چاہئے، یہ بھی سوچنا ہوگا - جب میں وہاں کام کر رہا تھا تو میں نے ایک سجیشن (Suggestion) رکھا تھا کہ ٹیکسٹائل ملس (Textile Mills) کو پابند کیا جانا چاہئے کہ وہ کورس کلاتھ (Coarse Cloth) پروڈیوس (Produce) نہ کریں - تاکہ ویورس کے لئے خاص کر ہینڈلوم ویورس (Hand-loom Weavers) کے لئے ایک لوکل مارکٹ (Local Market) مل سکے - اس طرح ٹیکسٹائل ملس پر رسٹرکشن (Restriction) عائد کرنے سے ویورس کو فائدہ ہوسکتا تھا - ہوسکتا ہے کہ یہ ملس (Mills) ایسا کلاتھ (Cloth) پروڈیوس (Produce) کرسکتے ہوں کہ وہ

ملک کے لئے کافی ہوجاتا ہو۔ لیکن ویورس کے ان امپلائیمنٹ (Unemployment) کا سوال کس طرح حل کیا جاسکتا ہے ؟ ہم کو اس پر غور کرنا چاہئیے کہ کتنا کلاتھ ملز پروڈیوس کرسکیں گے اور کتنا کلاتھ ہینڈلوم ویورس ۔ یہ ہمیں حل کرنیکی کوشش کرنی پڑیگی ۔ اس سلسلہ میں میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ جب ڈی کنٹرول (Decontrol) کا سوال آئیگا اوسوقت کلاتھ کی کیا پوزیشن (Position) ہوگی اسکے بارے میں آنریبل منسٹر اپنی جوابی تقریر میں اظہار فرمائیں تو بہتر ہوگا۔

دوسرامسئلہ فوڈ سبسیڈی (Food Subsidy) کا ہے ۔ اس سلسلہ میں کٹ موشنس (Cutmotions) پیش کئے گئے ہیں۔ فوڈ سبسیڈی کے سلسلہ میں میں عرض کرنا چاہتا ہوں کہ حیدرآباد ریاست کو سنٹر (Centre) سے جو فوڈ سبسیڈی ملا کرتی تھی اور فینانشیل انٹگریشن (Financial Integration) بھی ہوا۔ جیسا کہ ہاؤس کے سامنے کہا گیا ہے۔ اس سے ہمارا بہت کچھ نقصان ہوا ۔ ہمارے ریلوے جیسے اہم مداخل تھے وہ لے لئے گئے ہیں ۔ میں سمجھتا ہوں کہ ہم یہ کہنے میں حق بجانب ہونگے کہ فوڈ سبسیڈی (Food Subsidy) حیدرآباد کے لئے جاری رکھی جانی چاہئیے ۔ آپ اگر فوڈ منسٹر (Food Minister) کے ہاتھ مضبوط کرنا چاہتے ہیں تو آنکو یہ مطالبہ کرنا چاہئیے کہ فوڈ سبسیڈی ہمیں مل سکے ۔لیکن اسکے باوجود میں یہ عرض کرونگا کہ قیمتوں میں اضافہ نہ ہونا چاہئیے ۔کیونکہ ملک میں جو غریب سکشن (Section) ہے اوسپر بار پڑیگا ۔ لیکن قیمتوں میں اضافہ کی وجہ سے زندگی کا جو انڈکس نمبر (Index Number) ہےوہ بھی بڑھیگا ۔ اوسکا لحاظ کرتے ہوئے پھر ان مزدوروں کا سوال آئیگا جو الگ الگ ملز (Mills) میں کام کرتے ہیں ۔ وہاں ان لوگوں کو مہنگائی بھتہ نہیں ہے ۔ اگر قیمتوں میں اضافہ کیا جائے تو مہنگائی بھتہ کا بھی سوال آئیگا ۔ اسکے علاوہ جو مڈل کلاس (Middle Class) کے لوگ ہیں ان کے بارے میں بھی یہ سوال سامنے آئیگا اور جد و جہد ہوگی ۔ اکثر لوگ جو شہروں میں کام کرتے ہیں اون میں کچھ آفسس (Offices) میں کام کرتے ہیں کچھ کارخانوں میں اور کچھ چھوٹے موٹے کام کرنے والے لوگ ہیں اگر قیمتوں میں اضافہ ہوگا اسکا اثر ان پر بھی ہوگا ۔ اگر ہمیں سبسیڈی (Subsidy)نہیں ملتی ہے تو ان چیزوں کو پیش نظر رکھتے ہوئے ہمیں دوسرے ذرائع مہیا کرنے پڑینگے تاکہ جو نقصان ہو رہا ہے اسکی تلافی ہوسکے ۔ لیکن کسی بھی صورت میں قیمتوں میں اضافہ مناسب نہ ہوگا ۔ یہاں پر یہ سوال پیدا ہوتا ہے کہ آپ کا نقطہ نظر کیا ہے؟ کونسے سکشن (Section) آپ کوفائدہ دینا چاہتے ہیں اور کونسے سکشن پر آپ اس لیوی کا برڈن (Burden) ڈالنا چاہتے ہیں ؟ جس وقت بمبئی میں لیوی اسکیم (Levy Scheme) جاری ہوئی تھی اوس زمانہ میں ہماری کانفرنسس (Conferences) ہوئیں اور برابر ہم نے یہ کوشش کی کہ کسانوں کو اس سے اگزمپٹ (Exempt) کیا جائے ۔کیونکہ جو بڑے بڑے زمیندار ہیں وہ خود کاشت نہیں کرتے ۔ ان کے حصے میں جتنی زمین آتی ہے اس پر چھوٹے بڑے کاشتکار کاشت کرتے ہیں ۔ اور لیوی کا برڈن (Burden)

---

۲ - ۱۰ پر پڑتا ہے جو متوسط کسان ہیں، جو غریب کسان ہیں جن کے پاس ۵ ایکر زمین ہوتی ہے اون سے لیوی اگر وصول کیجائے تو ان کے پاس اتنا اناج نہیں رہتا کہ اوس سے وہ اپنی ضروریات پوری کرسکیں - نئی اسکیم شائع کیگئی ہے - اوسکا ہینڈ بل (Hand-bill) بھی میرے پاس ہے - اوس میں جو چیزیں بیان کیگئی ہیں وہ پہلی اسکیم میں نہیں تھیں - اور پہلے کے مقابلہ میں اب جو اسکیم سامنے آرہی ہے وہی ٹھیک سمجھی جارہی ہے - تو میں یہ پوچھتا ہوں کہ ہر زمانہ میں جو اسکیم (Scheme) حکومت پیش کرتی ہے کیا وہ اوسی زمانہ تک ٹھیک رہتی ہے اور اوسکے بعد اوسکو کنڈیمنڈ (Condemned) سمجھا جاتا ہے ؟ نئی میں غریب کسانوں کو اگزمپشن (Exemption) ملا اس چیز کو نئی اسکیم میں بھی پیش نظر رکھنا چاہئے - میں حکومت سے اپیل (Appeal) کرونگا کہ مرہٹواڑہ میں ۱۰ روپئے سے ۳۰ روپئے تک جو لوگ مالگزاری ادا کرتے ہیں انکو اگزمپشن (Exemption) ملنا چاہئے اور اون سے کوئی لیوی وصول نہ کیجانی چاہئے - اسی طرح جو ۷۰ سے ۸۰ روپیہ مالگزاری ادا کرتے ہیں اون پر کم لیوی عاید کیجائے اور جو ۱۰۰ روپیہ سے زیادہ مالگزاری ادا کرتے ہیں اون پر زائد لیوی لگائی جاسکتی ہے - اس طرح موجودہ جو اسکیم ہے اسمیں ترمیم کیجاسکتی ہے - اور نئی اسکیم کے جو ایسپکٹس (Aspects) ہیں وہ پورے ہوسکتے ہیں - میں سمجھتا ہوں کہ اس سے لیوی کا مسئلہ حل ہوسکتا ہے - یہ ایک بنیادی مسئلہ ہے اور ہمیں بنیادی طور پر اسکو سوچنا چاہئے - دیہاتوں میں جو غلہ لیوی کے تحت وصول کیا جاتا ہے اسے آپ ایک ہاتھ سے لیتے ہیں اور دوسرے ہاتھ سے دیتے ہیں - لیکن میں کہتا ہوں کہ کسانوں کے پاس کچھ زیادہ غلہ رہنا چاہئے تاکہ وہ اپنی دیگر ضروریات زندگی کو پورا کرسکیں - اور وہاں غلہ سے دوسری چیزیں حاصل کرسکیں - بنیادی طور پر لیوی سسٹم (Levy System) کو جلد از جلد ختم کردینا چاہئے - البتہ جو بڑے بڑے لینڈ لارڈ ہیں اون کے پاس کا سرپلس (Surplus) غلہ پورا حاصل کیا جانا چاہئے - یہ ایک بڑا مسئلہ ہے - جب تک عوام اور ولیجرس (Villagers) کا کوآپریشن (Co-operation) نہیں ہوتا یہ اسکیم کامیاب نہیں ہوسکتی - غلہ کا مسئلہ اس وقت تک حل نہیں ہوسکتا جب تک کہ بنیادی طور پر دیہاتوں میں مختلف کمیٹیوں کے ذریعہ اس کا تصفیہ نہ کیا جائیگا کہ دیہات کے اغراض کے لئے اتنا غلہ ہونا چاہئے - افراد کیلئے اتنا غلہ ہونا چاہئے اور اتنا سرپلس (Surplus) غلہ حکومت کو دیا جانا چاہئے - میں ایک زمانہ سے کسانوں میں کام کرتا ہوا آیا ہوں اور میں نے محسوس کیا ہے کہ عام طور پر یہ کہا جاتا ہے کہ رشوت کھانے کا ایک نیا محکمہ قائم ہوا ہے - اس لئے ان چیزوں کو دور کرنے کے لئے اس میں ترمیم کیجانی چاہئے ....

مسٹر اسپیکر - اب ٹائم ہوگیا ہے لہذا ½ ۱۱ بجے تک کیلئے اجلاس برخواست ہوتا ہے -

The House then adjourned for recess till Half Past Eleven of the Clock.

The House re-assembled, after recess, at Half Past Eleven of the Clock

[Mr Speaker in the Chair]

Mr Speaker Shri V D. Deshpande will continue

Shri V D Deshpande Speaker, Sir, The hon Minister for Supply and Agriculture is not present in the House and I would like him to be here, when I continue my speech

Mr Speaker · He will come shortly Somebody will take notes for him.

شری وی۔ ڈی۔ دیشپانڈے - لیوی کے سلسلہ میں میں عرض کر رہا
تھا - راشننگ سسٹم (Rationing System) اور فوڈ پرائیسس (Food Prices)
کے سلسلہ میں میں مختصراً کچھ عرض کرنا چاہتا ہوں - میں نے اپنے خیالات ظاہر کرتے
ہوئے کہا تھا کہ غلہ کی حد تک جب تک ہم سلف سفیشنٹ (Self-Sufficient)
نہ ہونگے اس وقت تک راشننگ سسٹم قائم رکھنا پڑیگا - بلاک مارکٹنگ
(Black-marketing) کے مقابلہ کے لئے اربن ایریا (Urban Area) میں تو راشننگ
باقی رکھنا پڑیگا - لیکن دیہاتوں میں اگر لیوی اس طرح وصول کی جائے کہ کسانوں کے
پاس مارکٹ (Market) میں بیچنے کے لئے بھی غلہ باقی رہے تو اسطرح یہ
مسئلہ حل ہوسکتا ہے - لینڈ لارڈ (Land Lord) کے پاس سے بھی سرپلس (Surplus)
غلہ کی مقدار لینا مناسب ہوگا - جب مدراس کی مثال ہمارے سامنے ہے تو حیدرآباد میں
بھی ایسا اکسپریمنٹ (Experiment) ہوسکتا ہے - سیزن (Season)
پر ایسی پابندیاں برخاست کرنے کے بعد ہم تجربہ کے طور پر یہ دیکھ سکتے ہیں کہ
قیمتیں بڑھتی ہیں یا نہیں اور عوام کی ضروریات کس حد تک پوری ہوتی ہیں - لیکن
میں راشننگ ختم کرنے کی پرزور مخالفت کرونگا -

سپلائی اینڈ راشننگ ڈپارٹمنٹس (Supply and Rationing Departments)
کے بارے میں مجھے یہ عرض کرنا ہے کہ یہاں کا اڈمنسٹریشن (Administration)
ٹاپ ہیوی (Top heavy) ہے اس کے لئے ایک سکریٹری (Secretary)
ہے، ایک ڈپٹی سکریٹری (Deputy Secretary) ہے اور باہر کے کئی
عہدہ دار ہیں جن کی تعداد ضرورت سے زیادہ ہے - اس میں ۵۰ فیصد تخفیف ممکن
ہے - ہائیر کیڈر (Higher Cadre) کے افیسرس میں یہ کمی ضروری ہے -
لیکن ہمارے پاس یہ سوال آیا ہے کہ راشننگ ڈپارٹمنٹ (Rationing Department)
کے امپلائیز (Employees) میں تین بار تخفیف کی گئی ہے - حکومت نے ان
سے یہ کہا تھا کہ انہیں دوسرے ڈپارٹمنٹس میں موقع دیا جائیگا - لیکن میرے پاس میمورینڈم
(Memorandum) وصول ہوا ہے جس سے یہ معلوم ہوتا ہے کہ جو لوگ رٹرنچ -

(Retrench) کئے گئے ھیں انہیں اب تک دوسرے ڈپارٹمنٹس میں موقع نہیں دیا گیا۔ میں یہ کہونگا کہ جب کسی شخص کو گورنمنٹ کے کسی ڈپارٹمنٹ میں موقع دیا جاتا ھے تو اسے وھاں سے ھٹانے کی صورت میں دوسرے ڈپارٹمنٹ میں اسے موقع دینا ضروری ھو جاتا ھے۔ لہذا میں اپیل کرونگا کہ راسنگ ڈپارٹمنٹ میں سے تخفیف سے جو لوگ علحدہ ھوئے ھیں انہیں دوسرے ڈپارٹمنٹس میں موقع دیا جانا چاھئے . . . .

لوکل سلف گورنمنٹ منسٹر (شری انا راؤ) - امپلائیمنٹ اکسچینج (Employment Exchange) کو چھوڑ کر ایسی درخواستیں آنریبل ممبر کے پاس کیوں وصول ھوتی ھیں ؟

شری وی ـ ڈی ـ دیسپانڈے ـ اس وجہ سے کہ وھاں ان کا کوئی انتظام نہیں ھوا ـ یہ بات تو حکومت کو سوچنی پڑے گی کہ ایسا کیوں ھو رھا ھے ـ اگر کوئی مریض ایک ڈاکٹر کو چھوڑ کر دوسرے ڈاکٹر کے پاس آتا ھے تو ظاھر ھے اسکا مطلب یہی ھوتا ھے کہ چونکہ وہ پہلے ڈاکٹر میں ایفیسنسی (Efficiency) کی کمی پاتا ھے اسلئے اوسے دوسرے ڈاکٹر کی تلاش کرنی پڑتی ھے ۔

ڈاکٹر ایم ـ چنا ریڈی ـ اگر دوسرا ڈاکٹر بھی علاج نہ کرسکے تو ؟

شری وی ـ ڈی ـ دیسپانڈے ـ تو دیکھا جائیگا ـ کسی تیسرے ڈاکٹر کی تلاش کی نوبت آئے گی ـ

میں اگریکلچر ڈپارٹمنٹ (Agriculture Department) کے بارے میں کچھ عرض کرونگا ـ ملک کا تقریباً ۸۰ فیصد طبقہ کسان ھے ـ اس لحاظ سے اسا ھی رویہ زراعت پر خرچ ھونا چاھئے ـ لیکن یہ حالت نہیں ھے ـ اگریکلچرل ڈپارٹمنٹ میں جو آفیسرس (Officers) کام کرتے ھیں وہ ھائر مڈل کلاس (Higher Middle Class) سے آتے ھیں ـ یہ لوگ صرف زیادہ تنخواہ کمانے کی فکر میں رھتے ھیں ـ یہ نہیں دیکھتے کہ ملک کی زراعت کو بہتر بنانے کے لئے ان کے کیا فرائض ھیں اور انکی کیا ذمہ داریاں ھیں ـ ساتھ ھی میں یہ بھی کہونگا کہ ھمارے نوجوان بھائی کالج آف اگریکلچر (College Agriculture) سے ڈگری (Degree) حاصل کرتے ھیں ـ اس فکر میں رھتے ھیں کہ اگریکلچر ڈپارٹمنٹ میں انہیں کوئی اچھی سی نوکری مل جائے ـ اس ذھنیت میں بیسک چینج (Basic Change) کی ضرورت ھے ـ حکومت جس طرح دوسری باتوں کا پروپگنڈہ (Propaganda) کرتی ھے اسے ایسے کسی پروپیگنڈہ کا بھی انتظام کرنا چاھئے تا کہ اگریکلچر کی ڈگری حاصل کرنے والے نوجوان نوکری کی بجائے اس چیز کی کوشش کریں کہ وہ اپنے ملک کے کسان کی کپاسٹی (Capacity) کو کسطرح بڑھا سکتے ھیں ـ یہ مینٹل چینج (Mental Change) پیدا کرنا ضروری ھے ـ اس ڈپارٹمنٹ کے عہدہ داروں کو مہینے میں ۲۰ دن گھومنا اوردورے کرنا چاھئے ـ

اس ڈپارٹمنٹ کے متعلق مجھے یہ بھی کہنا ھے کہ یہاں کرپشن (Corruption) کا دور دورہ ھے ـ حکومت کسانوں میں تقسیم کرنے کے لئے بیج مہیا کرتی ھے لیکن اس کا بلاک مارکٹنگ (Black-marketing.) کیا جاتا ھے ـ چنانچہ حال

ھی میں جو گیہوں کے بیج دئے گئے تھے ان کا یہی حال ھوا ۔ ہر حال میں یہ کہونگا کہ اس کریش کو دور کرنے کی سخت ضرورت ھے ۔ آپ رحم کی صرف اوپر سے ھی مرہم پٹی کرتے ھیں لیکن اندر سے کسان کے دل کی اصلاح کی طرف خیال نہیں کرتے ۔ پھر آپ چاھتے ھیں کہ آپ کی " زیادہ غلہ اگاؤ " کی مہم کامیاب ہو ۔ اس کے لئے جب تک کہ لینڈ ریفارمس (Land Reforms) نہ ھوں یہ کامیاب ھونا مشکل ھے ۔ کسان کو یہ معلوم کروانا چاھئے نہ کن طریقوں سے ، کس ملک مصالحہ سے ، اور کن چیزوں سے وہ زیادہ سے زیادہ پیدا وار حاصل کرسکتا ھے ۔ ویسٹرن میتھڈس (Western Methods) جو یہاں رائج کئے جاسکتے ھیں ان سے کسانوں کو واقف کرایا جانا چاھئے ۔ یہ پورا بیاک گراؤنڈ (Back-Ground) تیار کروانا حکومت کا کام ھے ۔ کئی دیہاتوں میں بنڈنگ (Bunding) کا کام ھونا ھے ۔ ھم دیکھتے ھیں کہ بنڈنگ نہ ھونے کی وجہ سے کافی زمین نہ جاتی ھے ۔ اسکو روکنے کے لئے حکومت کی امداد اور توجہ ضروری ھے ۔

بحث میں میں نے ایک آئیٹم " ٹو کل دی وائیلڈ انمالس " (To kill the wild animals) کا بھی دیکھا ۔ یہ حقیقت ھے کہ جانوروں کی وجہ سے کئی کھیت تباہ ھو جاتے ھیں ۔ اور شائد آنریبل ممبر فرام سلطان آباد (Hon'ble Member from Sultanabad) اسکی وضاحت کرینگے ۔ ظاھر ھے اس زمانہ میں بندوق تو نہیں دئے جاتے اسلئے کہ شائد وہ کسی دوسرے کام میں استعمال ھوں اور حکومت کو بھروسہ بھی نہیں ۔ لیکن کچھ نہ کچھ تو کرنا ھی ھوگا ۔ اسلئے کہ وائلڈ انمالس (Wild Animals) کھیتوں کو خراب کر رہے ھیں ۔ یہ سادی چیزیں میں آپ کے سامنے رکھ رہا ھوں ۔ توقع ھے کہ اس پر اگریکلچر ڈپارٹمنٹ غور کریگا ۔ لیکن اس کیلئے تو کوشش کرنی پڑیگی ۔ کیونکہ وائلڈ انیمل دیہاتوں میں کھیتوں کو خراب کرتے ھیں اور یہ کانکریٹ (Concrete) سوال ھے . . .

شری انا راؤ ۔ کیا آپ بندر کو وائلڈ انیمل سمجھتے ھیں ؟

شری وی ۔ ڈی ۔ دیشپانڈے ۔ آپ اسکو کھیت خراب کرنے والا انیمل (Animals) کہہ لیجئے ۔

اسکے بعد میں گرو مور فوڈ (Grow More Food) کے سلسلہ میں عرض کرنا چاھتا ھوں ۔ میں سمجھتا ھوں کہ ایریا (Area) بڑھایا گیا ھے لیکن پیدا وار نہیں بڑھی اور نہ ٹوورڈس سلف سفشنسی (Towards Self-Sufficiency) کا خواب پورا ھوا ۔ ۵۰ - ۱۹۴۹ ع میں جو پیدا وار بڑھی ھے وہ صرف چند چیزوں کی حدتک بڑھی ھے لیکن اسکے مقابلہ میں ۴۸ - ۱۹۴۷ ع میں ۱۳ لاکھ ایریا میں پیدا وار ۴ لاکھ ٹن ھے ۔ آج ایریا ۱۴ لاکھ ۷۰ ھزار ھے لیکن پیدا وار ۴ لاکھ ۳۴ ھزار ٹن ھے ۔ اسلئے وہ مقابلتاً کم ھے ۔ اور جوار کےلئے بھی جو ایریا ھے وہ بھی کم ھے ۔ گرو مور فوڈ (Grow More Food) کے سلسلہ میں دوسری چیز یہ کہنی ھے کہ جب گرو مور فوڈ کے ضمن میں اتنی رقم خرچ کی جاتی ھے تو پھر کیا وجہ ھے کہ اسکا

نتیجہ نہیں نکلا ؟ میں سمجھتا ہوں کہ گرو مور فوڈ کیمپین (Grow More Food-Campaign) کے سلسلہ میں اسٹاف (Staff) پر بہت زیادہ روپیہ خرچ کیا جاتا ہے ۔ میں نہیں سمجھتا کہ اگر اسٹاف پر اتنا روپیہ صرف کیا جائے تو دیہات میں کیا خرچ کیا جائیگا ؟ اسلئے میں کہونگا کہ ۵ - ۶ پرسنٹ (Per cent) سے زیادہ روپیہ اسٹاف پر خرچ نہ کیا جانا چاہئیے ۔ کیونکہ اتنی زیادہ رقم خرچ کرنا ٹھیک معلوم نہیں ہوتا ۔ گرو مور فوڈ کی جو اسکیم ہے وہ میرے خیال میں بہت زیادہ ہے ۔ یہ ہوسکتا ہے کہ مجھے اعداد نہیں ملے ہوں ۔ اس سلسلہ میں جو راست امداد کسان کو ملنا چاہئیے نہیں ملتی اس لئے اسکو ریوائز (Revise) کرنیکی ضرورت ہے ۔

تقاوی کے تحت جو رقومات دیجاتی ہیں اس ضمن میں میں یہ عرض کرونگا کہ رقومات دینے کی بجائے حکومت خود اس کام کو اپنے ہاتھ میں لے اور کنویں تیار کروا کر دے ۔ کیونکہ ہوتا یہ ہے کہ اکثر وہ روپے جو کنویں کھدوانے کے لئے دے جاتے ہیں بچی کی شادی بیاہ میں یا پھر ساہوکار کی نذر ہو جاتے ہیں ۔ اسلئے گورنمنٹ راست رقم دینے کی بجائے کنویں تیار کروا کردے ۔ راست رقم نہ دیجائے ۔

ایسے بہت سے محکمے ہیں جو عوام سے بغیر کوآپریشن (Co-operation) لئے ہوئے نہیں چل سکتے لیکن وہ عوام کا لحاظ نہیں کرتے ۔ پی ۔ ڈی ۔ ایف (P D F) کی طرف سے میں یہ کہونگا کہ کسانوں کے مفاد کا جہاں تک تعلق ہے ہم پوری طرح کوآپریشن سے کام کرینگے اور میں سمجھتا ہوں کہ منسٹر فار اگریکلچر (Minister for Agriculture) اس چیز کا لحاظ کرینگے ۔ البتہ زمینداروں سے ہم نان کوآپریٹ (Non-Co-operate) کرینگے ۔ غذائی پالیسی پر تنقید کرتے ہوئے حکومت کی اس پالیسی پر جو زراعت کے تعلق سے رہی ہے اگر ٹچ (Touch) نہ کروں تو غلطی ہوگی ۔ باربار یہ کہا جاتا رہا ہے اور صحیح بھی ہے کہ غذا کا تعلق زمین سے ہے ۔ جبتک زمین کے مسائل ریاست حیدرآباد میں حل نہیں ہونگے اس وقت تک غذائی حالات میں بہتری نہیں پیدا ہوسکتی ۔ اڈمنسٹریشن رپورٹ (Administration Report) میں سلف سفیشینسی ان فوڈ (Self-Sufficiency in Food) کے چیاپٹر کا مطالعہ کیا ۔ اگریکلچر (Agriculture) کے تعلق سے اور گرو مور فوڈ کیمپین (Grow More Food Campaign) کے تحت جو اسکیمات حکومت نے مرتب کی ہیں ان کا بھی مطالعہ کیا تو معلوم ہوا کہ گرو مور فوڈ کے سلسلہ میں ایک ٹارگٹ (Target) مقرر کیا گیا ہے جو (۷۰) ہزار ٹن ہے ۔ ہمارے پاس (۷۰) ہزار ٹن گرین (Grain) کی کمی ہے ۔ اسی کو ٹارگٹ مقرر کیا گیا تھا لیکن کیا یہ ٹارگٹ پورا ہوا ؟ اب تک نہیں ہوا ۔ حکومت ہند نے سنہ ۱۹۴۹ ع سے ۳ سال کے لئے ایک ٹارگٹ مقرر کیا تھا اور کہا تھا کہ اس دوران میں کمی باقی نہ رہیگی ۔ کیا یہ پورا ہوا ؟ کیا وہ سلف سفیشینٹ (Self-Sufficient) ہوگئی ؟ میٹیریل گین (Material Gain) کچھ بھی نہیں ہوا ۔ محکمہ زراعت تو چوں چوں کا مربہ ہے جس میں اعداد و شمار کے سوا کچھ بھی کارکردگی

نہیں ہے - میں نے رکلیمیشن (Reclamation) کے بعد یہ دیکھا کہ ۳
ٹریکٹرس (Tractors) کے ذریعہ جو حکومت کے پاس ہیں جو لینڈ اسوار
کیا گیا اس کا ۰ ۰ فیصد حصہ بھی غریب ٹیننٹس (Tenants) کا نہیں تھا
ایک ڈآنریبل ممبر نے کہا کہ مرے ہوئے لوگوں کی تعداد کے مقابلہ میں ۱۱۰ ہوئے
والوں کی تعداد جارگی ہے - یہ جواب یہاں ملتا ہے - کیا آپ تعین کرکے بتا سکتے ہیں کہ
مرے ہو لوگوں کی حقیقی تعداد کیا بھی اور پیدا ہوئے والوں کی حقیقی تعداد کیا ہے؟
کیوں تعین نہیں کیا جاتا ؟ ایسے اعداد و شمار تروپئے جاتے ہیں جنکی ضرورت نہیں ہوتی
مگر ایسے اعداد و شمار نہیں بتائے جاتے جنکی واقعی ضرورت ہے - پانچ سالہ پلان (Plan)
کے تحت بڑی بڑی اسکیمیں پیش کی گئی ہیں - میں مانتا ہوں کہ اگر ان پر عمل کیا
جائے تو ہمارا فوڈ پرابلم (Food Problem) حل ہوسکتا ہے اور اگر
اگریکلچرل ڈیولپمنٹ (Agricultural Development) صحیح معنوں میں ہو تو ہم خود
مکتفی ہوسکتے ہیں لیکن جو اصول کار فرمار کھا گیا ہے وہی بنیادی طور پر غلط ہے - اس میں
انٹینسی فائڈ اپروچ (Intensified Approach) ہی نہیں ہے - یہ بنیادی غلطی ہے
اس پر غور کرنا چاہئے کہ غذائی مسئلہ کسقدر اہمیت کا حامل ہے اس لحاظ سے اسکو
وار بیسس (War Basis) پر حل کرنا چاہئے - اس وقت تک یہ مسئلہ حل
نہیں ہوسکتا - اسکو اس طرح حل کرنے کے لئے دوسرے پلانس کو ملتوی رکھنا ڑنگا
ہر ایک کی زبان پر یہی ہے کہ ہم غذائی مسئلہ کو حل کرینگے اور اسکو کامیاب بنائینگے -
ہم نے ایک سجیشن (Suggestion) پیش کیا تھا حکومت ہند نے بھی اسکو
مان لیا - وہ تھا بھومی سینا بنانے کا مسئلہ - ایک فوج بنانے کا ارادہ - لیکن اسکی جانب
کوئی توجہ نہیں کی جاتی - میرے کہنے کا مقصد یہ ہے کہ انٹینسی فائڈ اپروچ
(Intensified Approach) کا خیال ہی نہیں ہے - بنیادی پالیسی ہی غلط ہے - آج
تک اس میں کوئی تبدیلی نہیں ہوئی - اور جبتک بنیادی پالیسی میں تبدیلی ہو حیدرآباد
یا حکومت ہند کے مسائل حل نہیں ہوسکتے -

شری است ریڈی - میرا کٹ موشن (Cut-motion) فوڈ سبسیڈی
(Food Subsidy) کے سلسلہ میں ہے - سنٹرل گورنمنٹ فوڈ سبسیڈی
کو بند کردینے کے بعد سے ریاست حیدرآباد نے جو آلٹر نیٹیو اریجمنٹس
(Alternative Arrangements) کئے ہیں انکے نقائص کے بارے میں مجھے بحث
کرنا ہے - پرسوں بحث کے دوران میں میں نے یہ کہا تھا کہ فوڈ سبسیڈی بند کرنے کے
سلسلہ میں سنٹرل گورنمنٹ کی کیا پالیسی ہے - جیسا کہ میں نے کہا فینانشل انٹیگریشن
(Financial Integration) کے بعد یہاں کی آمدنی کے دو بڑے محکمے سنٹر (Centre)
کے قبضہ میں چلے گئے - ان میں سے ایک ریلوے ہے اور دوسرا انکم ٹیکس (Income-Tax) ۔

مسٹر اسپیکر - ٹائم بہت تھوڑا ہے اسلئے اورلیونٹ (Irrelevant) بحث نہ کیجئے ۔

شری است ریڈی - جب دوسری حکومتیں فوڈ سبسیڈی حاصل کرسکتی ہیں اور
دوسری حکومتوں کی طرف سے پرزور مانگ کی جاتی ہے تو پھر کوئی وجہ نہیں کہ ریاست

حیدرآباد فوڈ سبسیڈی حاصل نہ کرے۔ فوڈ سبسیڈی کو کور اپ (Cover-up) کرنے کے لئے قیمتوں کو بڑھایا گیا ہے وہ اس طرح کہ موٹے چاول پر ۴ پائی کا اضافہ ہوا ہے اور باریک چاول پر ایک آنہ پانچ پائی ۔ اور گیہوں پر دو آنے چار پائی ۔ یہ اضافہ بظاہر زیادہ نہیں معلوم ہوتا ۔ جس طرح کہ آنریبل وزیر رسد نے اپنے بیانات میں یہ کہا کہ ایک خاندان پر زیادہ سے زیادہ ۳ یا ½۳ روپیہ کا خرچ آتا ہے ۔ ہوسکتا ہے کہ یہ انکی نظر میں زیادہ نہ ہو ۔ لیکن جس آدمی کی آمدنی ماہانہ ۲۵ - ۳۰ روپیہ ہے اور جو روزانہ صرف ۱۲ آنے کماتا ہے اس کے لئے بڑی چیز ہے اور یہ بات ہم کو نہ بھولنا چاہئے کہ اسطرح کم آمدنی والوں کی تعداد لاکھوں میں ہے ۔ اس تین یا ساڑھے تین روپیہ کے اضافہ سے لاکھوں خاندانوں کی فیملی پلاننگ (Family Planning) اپ سٹ (Upset) ہو جاتی ہے ۔ . . . . .

شری لکشمی کونڈا ۔ فیملی پلاننگ کیا معنی رکھتی ہے ؟

شری انت ریڈی ۔ میرا مطلب فیملی بجٹ (Family Budget) سے ہے ۔ وہ اپ سٹ (Upset) ہو جاتا ہے ۔ ہوسکتا ہے کہ آنریبل ممبر یہ سمجھیں کہ اس اضافہ کیوجہ سے زیادہ تر وہ علاقے متاثر ہوتے ہیں جو کنزیومرس ایریا (Consumers' Area) ہیں ۔ یہ صحیح ہے ۔ جہاں لیبر (Labour) زیادہ ہے اور جہاں اگریکلچرل پروڈکشن (Agricultural Production) نہیں ہوتا وہیں کے لوگ اس سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں اور یہی وجہ ہے کہ آج شہری اس ڈسکنٹنٹ (Discontent) کو محسوس کر رہے ہیں ۔ چنانچہ ریاست حیدرآباد میں جو ڈسکنٹنٹ (Discontent) پھیلی ہوئی ہے اسکو میں ظاہر کرنا چاہتا ہوں۔ ہاؤس کو یہ معلوم ہے کہ یہ بےچینی دیہاتوں میں بھی پھیلی ہوئی ہے اور اگر یہی حالت رہی تو ریاست کے کونے کونے میں پھیل جائیگی ۔ اس ڈسکنٹنٹ کو لوگ ستیہ گرہ کے ذریعہ حکومت پر ظاہر کرنا چاہتے ہیں ۔ میں ہاؤس کے سامنے یہ واضح کرنا چاہتا ہوں کہ عوام سوشلسٹ پارٹی (Socialist Party) کی قیادت میں اجو ستیہ گرہ کر رہے ہیں وہ اسی اصول پر مبنی ہے جسکو کہ مہاتما گاندھی نے شروع کیا تھا ۔ لیکن افسوس ہے کہ ستیہ گرہیوں پر ڈاکے اور قفل شکنی کے الزامات لگائے جا رہے ہیں ۔ اگر یہ جتھا ڈاکہ ڈالنا چاہتا یا سوشلسٹ پارٹی قفل تڑوانا چاہتی تو وہ عوام سے یہ کام کرواتے ۔ میں ستیہ گرہ کے اصول آنریبل ممبرس کو بتلانا نہیں چاہتا کیونکہ یہ وہی ہتیار ہے جسکو آنریبل ممبروں نے کئی سال تک استعمال کیا ہے اور اب اسکو بھلانا چاہتے ہیں ۔ یہ آپکو معلوم ہونا چاہئے کہ اس اصول کے استعمال میں ہم کہاں تک حق بجانب ہیں ۔ میں کہتا ہوں کہ یہ پیارلل گورنمنٹ (Parallel Government) کام نہیں کر رہی ہے بلکہ اس کے پیچھے سیول سرویس (Civil Service) کے دماغ کام کر رہے ہیں لیکن میں یہ کہہ بتا چاہتا ہوں کہ یہ غلط اپروچ (Approach) ہے جو حکومت کو غلط فہمی میں ڈال رہا ہے ۔ اس کا حوالہ میں اسطرح دونگا کہ ستیہ گرہ سے عین قبل ایک پریس کانفرنس (Press Conference) میں کہا گیا کہ گیہوں

لینے کی پابندی نہیں ہے اور حکومت ڈی کنٹرول کرنے کے متعلق سوچ رہی ہے۔ ان بیانات سے آنریبل وزیر رسد کا مقصد صرف یہ تھا کہ عوام میں غلط فہمی پیدا کی جائے ۔ اس بیان سے واضح تھا کہ گیہوں لینا ضروری نہیں لیکن دوسرے دن ہی یوں کہا جاتا ہے کہ اس کا مطلب یہ ہے کہ جوار دیجائیگی ۔ میں کہتا ہوں کہ گیہوں لینا یا نہ لینا عوام کا اختیاری تھا لیکن پھر بھی یہ بیان دیکر آنریبل وزیر رسد نے کسی نئی چیز کا اضافہ نہیں کیا ہے ۔ دوسری چیز جو میں عرض کرنا چاہتا ہوں وہ ڈی کنٹرول (Decontrol) کے بارے میں ہے ۔ ایک کامن (Common) آدمی ڈی کنٹرول کے نام سے خوش ہوتا ہے ۔ کیونکہ وہ کنٹرول کو برائیوں کی جڑ سمجھتا ہے اور کرپشن اور رشوت ستانی اسی کے نیچے ہیں ۔ یہی وجہ ہے کہ آنریبل وزیر رسد نے عوام کے جذبات سے کھیلا ہے ۔ شائد مدراس کی مثال انہوں نے سامنے رکھی ہے لیکن ڈی کنٹرول کے جو ری پرکشنس (Repurcussions) ہونے والے ہیں انکے متعلق میں حکومت کو آگاہ کرنا چاہتا ہوں ۔ ڈی کنٹرول پورے گنس کے ساتھ کیا جاتا ہے اور جب حکومت کے پاس گنس نہیں ہیں تو خدا کے واسطے بنگال کی مثال کو پھر نہ دہرایئے ۔ ہندوستان کے اس بڑے قحط سے کتنے مرے ہیں وہ سب جانتے ہیں . . .

مسٹر اسپیکر ۔ دو منٹ باقی ہیں۔

شری لکشمن کونڈا ۔ کتنے بھوکے ہیں ؟

شری است ریڈی ۔ یہ بات نہیں کہ غلہ نہیں تھا بلکہ بلاک مارکٹ (Black Market) کے گودام غلہ سے بھرے ہوئے تھے ۔ لیکن لاکھوں غریب بھوکے مرے ۔

شری لکشمن کونڈا ۔ کتنے بھوکے مرے ؟

شری است ریڈی ۔ سنہ ۱۹۳۹ ع کے قحط میں کتنے بھوکے مرے شائد اسکو ہندوستان کا کوئی بچہ بھی نہ بھولا ہوگا ۔ ایسا کہتے ہوئے میں اپنی تقریر ختم کرتا ہوں ۔

شری اے ۔ راج ریڈی ۔ مسٹر اسپیکر ۔ میں نے ڈیمانڈ نمبر ۸۰ ۔ اے کیلئے کٹ موشن (Cut-motion) پیش کیا تھا ۔ لیکن میں دیکھ رہا ہوں کہ اسکا نمبر (۸۰) لکھا گیا ہے ممکن ہے کہ وہ غلط ہو ۔ بجٹ میں (۸۰) کوئی ہڈ (Head) نہیں ہے البتہ (۸۰) ۔ اے ہے جسکے تحت یہ رقم رکھی گئی ہے ۔ ہمارے ہاں بعض ڈپارٹمنٹس (Departments) ایسے ہیں جنکو بزنس (Business) کے طور پر چلایا جاتا ہے ۔ اسیطرح کمرشیل کارپوریشن (Commercial Corporation) کو بھی حکومت حیدرآباد بزنس کے طور پر چلاتی ہے ۔ اسکی تاریخ یہ ہے کہ جنگ سے پہلے اور جنگ کے دوران میں ہم نے جو ریزرو (Reserve) بنا لیا تھا اسکی تاریخ اس سے ملی ہوئی ہے ۔ جو ریزرو فنڈ (Reserve Fund) اور جو پوسٹ وار ریزرو فنڈ (Post War Reserve Fund) قائم کئے گئے تھے ۔ اس کے ایک حصہ یعنی ۹ کروڑ کی رقم سے کمرشیل کارپوریشن کا وجود عمل میں آیا ۔ حیدرآباد کمرشیل کارپوریشن کہنے کو تو ایک کوآپریٹو سوسائٹی ہے ۔ اسکا نام بھی تجارتی طور پر رکھا گیا ہے ۔ اسکے فرائض

رہے ہیں کہ غلے کے سلسلہ میں ایجنٹ (Agent) کے طور پر اسکو رکھکر اس سے
گودام رکھوانے کے طور پر کام لیا جائے۔ باقی فرائض محکمہ مال کے ہیں۔ اس تجارتی کوٹھی میں
حکومت حیدرآباد نے کل ۹ کروڑ کا سرمایہ لگایا ہے۔ چنانچہ ہر سال بجٹ تحدید کے لئے پیش
ہوتا ہے۔ اس کٹ موشن پر تقریر کرنے کا مقصد یہ ہے کہ کارپوریشن میں جو برائیاں ہیں وہ دور
کیجائیں۔ معلوم ہوا کہ حال ہی میں یعنی مارچ سنہ ۵۲ ع میں صیغوں کی تقسیم ہوئی ہے۔ کمشنر
(Commissioner) کے تحت راشنگ (Rationing) اور ایک
دوسرا صیغہ رکھا گیا ہے۔ اس بارے میں ہمکو جو سیول اڈمنسٹریشن رپورٹ
(Civil Administration Report) دیگئی ہے اس میں کہا گیا
ہے کہ ایک سب کمیٹی (Sub-Committee) قائم کیگئی ہے جو کمرشیل
کارپوریشن کے حکومت کے حق میں منتقل کرنے کے بارے میں پوری چھان بین کرکے
رپورٹ پیش کرے۔ لیکن ابھی تک اس کا انتظار ہے۔ حیدرآباد کمرشیل کارپوریشن
(Hyderabad Commercial Corporation) میں ٹاپ ہیوی (Top-heavy)
طور پر غیر ضروری عملہ رکھا گیا ہے۔ یہاں کے نقصانات کا حوالہ اکامی کمیٹی کی رپورٹ کے
صفحہ ۹۰ پر دیا گیا ہے۔ میں اسکی تفصیل میں جانا نہیں چاہتا۔ صرف اتنا کہنا چاہتا
ہوں کہ انتظام میں بڑی خرابیاں ہیں۔ میں نے جو حالیہ اسکیم (Scheme) پڑھی ہے
اس سے معلوم ہوتا ہے کہ گودام میں جو خرابیاں ہیں، غلہ کی خریدی اور اسکی حفاظت
کے سلسلہ میں جو خرابیاں ہیں انکو دور کرنے کا ارادہ ہے۔ اب جو رپورٹ ہمارے سامنے
ہے اس سے یہ معلوم نہیں ہوتا کہ اسکا جو انصرام ہونے والا ہے وہ کسطرح ہونے والا
ہے۔ آیا کوآپریٹیو بیسس پر سرمایہ میں اضافہ کرکے اس پر تین فیصد سود رکھا جائیگا یا کیا
معلوم نہیں۔ یہ چیزیں سرکاری طور پر ہمارے سامنے نہیں آئی ہیں۔ حیدرآباد میں جو کام
بھی کرنا ہو مقصد یہ ہوتا ہے کہ وہ شاہانہ انداز میں ہونا چاہئے۔ ایک بڑی بھاری
فرنشڈ بلڈنگ (Furnished Building) ہو اور شان و شوکت کا سامان ہو۔ یہ چیز
وراثتاً ہمکو ملی ہے۔ ہمارے محکمہ جات کا بھی یہی حال ہے۔ ٹاپ ہیوی اکسپنڈیچر
(Top-heavy Expenditure) ہے۔ جس ڈپارٹمنٹ میں دیکھئے کئی
افسر رکھے جاتے ہیں۔ سکریٹری (Secretary) ۔ اڈیشنل سکریٹری
(Additional Secretary) ڈپٹی سکریٹری (Deputy Secretary) کئی اسسٹنٹ سکریٹریز۔
یہ ہمارے ہر محکمہ کی خصوصیت ہے۔ افسروں کی ذہنیت ایسی ہے کہ وہ سمجھتے ہیں کہ وہ خود
حکومت کرنے والے ہیں، خدمت کرنے والے نہیں۔ ان کا یہ تصور ٹھیک نہیں ہے۔
کام کو اچھی طرح سے کرنے کا رجحان نہیں ہے۔ کارپوریشن ایک اہم ترین صیغہ
ہے۔ اسکا عوام سے راست تعلق ہے۔ ایک طرف کسانوں سے اور دوسری طرف شہریوں سے۔
اسکو یہ دیکھنا پڑتا ہے کہ ایک طرف کسانوں کو خوش رکھے اور دوسری طرف
کم سے کم دام میں غلہ شہریوں کو مہیا ہو۔ لیکن مجھے اندیشہ ہے کہ ہمارے آفیسرس
(Officers) کی ذہنیت ایسی ہوگئی ہے کہ وہ اس کام کو انجام نہیں دے سکتے۔ گورووالا
کمیٹی کے سامنے بھی یہ چیز تھی کہ آفیسرس اسطرح کے تجارتی کاروبار کسطرح کرسکتے
ہیں۔ مجھے یہ اندیشہ ہے کہ ایسی ذہنیت رکھتے ہوئے ایسے تجارتی کاروبار کس

حد تک کامیاب ہوسکے ہیں - اسلئے میں محکمہ کے کلکشن (Collection) ڈسٹری بیوشن کے طریقوں سے مایوس ہوں - اس سے ہماری گورنمنٹ کامیاب نہیں ہوسکتی - اسلئے میں ٹریژری بنچس (Treasury Benches) سے اپیل کرونگا کہ انہی چیزوں کو اور ان خرابیوں کے جو امکانات ہیں ان کو دور کرنے کے لئے خاص طور پر توجہ کے ساتھ جب تک کام نہ کیا جائے کامیابی نہیں ہوگی - عام طور پر جو روٹین (Routine) ہوتا ہے اسی طرح یہ کام کیا جائیگا تو اسکے لئے مناسب نہیں ہوگا - اس محکمہ میں کم سے کم داموں پر اناج مہیا کرنے کا سوال پیدا ہوتا ہے - میرا خیال ہے کہ اس کو زیادہ کامیاب بنانے کے لئے عوام کو زیادہ سے زیادہ ساتھ لیکر چلنا پڑیگا - اس سلسلہ میں غالباً تھری میان کمیٹی (Three-Man Committee) مقرر کی گئی تھی-لیکن اوس نے کیا رپورٹ (Report) پیش کی اوسکا اظہار نہیں ہوا ہے - لیکن یہ جو کمرشیل کارپوریشن کا دھندا ہے اوسکی وجہ سے جو نقصانات ہو رہے ہیں اس کا اندازہ نہیں ہوسکتا - میں نے اس سلسلہ میں بحث کے جو مذاق دیکھے ہیں وہ عجیب و غریب ہیں - اس میں کوئی چیز ایسی نہیں ہے جس سے راست عوام کو کوئی فائدہ پہونچے - اب میں ایک دوسری چیز کی طرف اشارہ کرنا چاہتا ہوں جسکا تعلق جنگلات اور کھاد سے ہے - ضلع کانفرنس (Conference) میں یہ طے کیا گیا تھا کہ بھیڑ بکریوں کو محفوظ ورہ میں آنے سے ممنوع کیا جائے - محدود اجازت ہو بھی تو ہماری فصل چروائی لی جائے - لیکن میں کہونگا کہ بھیڑ بکری اور انکی کھاد کے بغیر زراعت نہیں چل سکتی - اور دوسری طرف ہمارے کھیت ان جنگلی سوروں کی وجہ سے برباد ہو رہے ہیں جن کی روک تھام کا کوئی انتظام نہیں ہے - خود میرے کھیت کے متعلق میں یہ کہونگا کہ نصف سے زیادہ کھیت ان کی وجہ سے برباد ہوگیا - لوگ کہتے ہیں آزادی آئی ہے - میں کہتا ہوں کہ انسانوں کو آزادی نہیں آئی بلکہ جانوروں کو آزادی آئی ہے - ہمارے کھیتوں کا ۱/۳ حصہ ان ہی کی وجہ سے خراب ہو رہا ہے - یہ معمولی چیزیں ہیں لیکن میں یقین دلانا چاہتا ہوں آپ لاکھوں روپیہ خرچ کر کے بڑی بڑی اسکیمیں لانا چاہتے ہیں لیکن ایسی معمولی چیزوں پر بھی آپ غور کریں اور انکو درست کرنے کی کوشش کریں تو ہماری پیداوار میں زیادہ سے زیادہ اضافہ ہوسکتا ہے - ہمارے آفیسرس (Officers) یہاں بیٹھ کر اسکیمیں بناتے ہیں - میں کہتا ہوں کہ آپ وہاں جائیں - دیہات میں جائیں - کھیتوں پر جائیں - وہاں مطالعہ کیجئے - ان تمام چیزوں پر خاص توجہ کرنے کی ضرورت ہے - یہ بنیادی چیزیں ہیں - میں یہ نہیں کہتا کہ ریسرچ (Research) نہ کیا جائے - آج کی دنیا ترقی پسند ہے - یہ چیز بھی ضرور ہونی چاہئے - لیکن ہم کو یہ جو نقصان ہورہا ہے اوسکی طرف بھی خاص توجہ کی ضرورت ہے - جب تک دیہاتیوں کا تعاون حاصل کر کے وہاں کی مشکلات کا لحاظ کرتے ہوئے ریسرچ نہ کیا جائے ٹھیک نہ ہوگا - یہاں بیٹھ کر اسکیمیں بنانا اور وہاں جا کر ان اسکیموں کو اپلائی (Apply) کرنا درست نہیں ہے - اسلئے میں محسوس کرتا ہوں کہ ان معاملات کے متعلق خاص تحقیقات کر کے توجہ کرنے کی ضرورت ہے -

مسٹر اسپیکر - امنڈمنٹس (Amendments) جسے ممبروں نے موو (Move) کئے ہیں ان کی تقریریں ہوچکی ہیں - اب دوسرے لوگوں کو موقع دیا جائیگا -

شری ایم - نرسنگ راؤ (کلوا کرتی - عام) ڈیمانڈس (Demands) پر کٹ موشنس (Cut-motions) کے سلسلہ میں اسکا دوسرا پہلو پیش کرنے کے سلسلہ میں کافی موقع نہیں ملا تھا اسلئے میں اب اس کے بارے میں خاص طور پر توجہ مبذول کروانا چاہتا ہوں - اسقدر عرض کرتے ہوئے میں دوسرا پہلو مختصر الفاظ میں ظاہر کرونگا -

بھیڑ بکریوں کو جنگلوں میں چھوڑ دینے کے متعلق ہمارے ایک دوست نے کہا کہ انہیں جنگلوں میں چھوڑنا چاہئے - میں یہ کہونگا کہ عربستان کو ریگستان بنانے میں اونٹوں اور بھیڑ بکریوں کا خاص حصہ رہا ہے - یہ سائنٹسٹس (Scientists) کا کہنا ہے - ہمارے پاس اونٹ تو نہیں ہیں البتہ راجستھان میں جہاں اونٹ ہیں اس علاقہ کو ریگستان بنانے میں ان اونٹوں نے کتنا حصہ لیا وہ بتلانا سائنٹسٹس (Scientists) کا کام ہے - میرا کام نہیں - ....

شری وی - ڈی دیشپانڈے - اونٹ کی وجہ سے ریگستان ہے یا ریگستان کی وجہ سے اونٹ ہے ؟

شری ایم - نرسنگ راؤ - اس میں اونٹوں کا خاص دخل رہا - یہ سائنٹسٹس کا خیال ہے بھیڑ بکریاں جنگلوں کو خراب کرتی ہیں - جنگلوں کی موجودگی ضروری ہے لیکن ہمارے کھیت کو خراب کرنے میں جنگلی سور حصہ لیتے ہیں - لیکن میں کہونگا کہ حضرت انسان بھیڑ بکریوں اور اونٹوں نے جنگلوں کو کچھ کم نقصان نہیں پہنچایا - جنگل کی حفاظت کرنے والا تو شیر ہی ہوتا ہے - ....

شری وی - ڈی - دیشپانڈے - جیسا کہ دیہات کو بچانے والا زمیندار ہوتا ہے -

شری ایم - نرسنگ راؤ - ایسا خیال ہوسکتا ہے - میں دوسرے نکتہ کے بارے میں عرض کرنا چاہتا ہوں - ایکطرف یہ کہا جاتا ہے کہ کنٹرول قائم رکھنا چاہئے اور دوسری طرف ابھی ایک آنریبل ممبر نے زور دیا کہ لیوی کا طریقہ نکالدینا چاہئے - اور ایک آنریبل ممبر نے اس پر پریس (Press) کیا کہ فوڈ سبسیڈی (Food Subsidy) ملنی چاہئے اور غذائی اجناس سستے داموں پر ملنے چاہیں - آپ ایک طرف تو یہ کہتے ہیں کہ کاشتکار کو زیادہ دام ملنے چاہئیں اور دوسری طرف کہتے ہیں کہ کنزیومر (Consumer) کو کم داموں پر غلہ فراہم ہونا چاہئے - ایسی صورت میں یہ دو متضاد چیزیں قابل غور ہیں - ....

شری - وی - ڈی - دیشپانڈے - - سبسیڈیز (Subsidies) کے متعلق میں نے کہا تھا کہ ....

شری ایم - نرسنگ راؤ - سبسیڈیز کہاں سے آتی ہیں ؟

Mr. Speaker : Interruption not allowed.

شری ایم - نرسنگ راؤ- یہ میں مانتا ہوں کہ کرپشن (Corruption) ہے - کنزیومر (Consumer) کرپٹڈ (Corrupted) ہے پروڈیوسر (Producer) بھی کرپٹ ہے - زندگی کے ہر شعبہ میں مصروف لوگ کرپٹ ہیں - یہ سوال ہمیں سوچنا ہے کہ کرپشن کو کسطرح دور کیا جاسکتا ہے - آپ کہتے ہیں کنٹرول (Control) رہنا چاہئے - لیکن اس سے بلاک مارکٹ (Black Market) اور بڑھ جائیگی اور رشوت زیادہ ہوجائیگی -

یہ کرپشن (Corruption) کب دور ہوگا ، معلوم نہیں - یہ کیارکٹر (Character) کا ڈفکٹ (Defect) ہے - ظاہر ہے کہ کوئی شخص اپنی پیشانی پر لیبل (Label) لگاکر تو ایسا کام نہیں کرتا - ہماری خصوصیت یہ ہے کہ ہم میں خود غرضی ہے - تلگو میں کہا جاتا ہے کہ [illegible] ہر حال میں یہ کہونگا کہ اصلاح کی طرف توجہ دیجائے -

ایک اور چیز جو مجھے عرض کرنی ہے وہ یہ ہے کہ ریسرچ اسٹیشنس (Research Stations) اور اکسپریمنٹل اسٹیشنس (Experimental Stations) میں فرق ہے - ہمارے پروڈکشنس (Productions) کیلئے ریسرچ (Research) کرنا ہی پڑتا ہے - جہاں کیاسٹر سیڈس (Castor seeds) پیدا ہوتے ہیں وہاں انکے لئے ریسرچ کرنا ہی پڑیگا - اب ایسے ریسرچ کیلئے جو کچھ خرچ ہوتا ہے اسکا حساب آنے پائی میں تو ہو نہیں سکتا - جو کچھ اس پر خرچ ہو رہا ہے وہ ضروری ہے - یہ کہنا غلط ہے کہ اس چیز پر خرچہ فضول ہے ، بیکار ہے -

یہ کہا گیا کہ مڈل کلاس (Middle Class) کے لوگ زراعت کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد بھی زراعت کرنے کی جانب توجہ نہیں کرتے - یہ حقیقت ہے کہ ایک اگریکلچرسٹ (Agriculturist) کا بیٹا اگریکلچر (Agriculture) کی تعلیم حاصل کرنے کے بعد زراعت کی طرف توجہ کرنے کی بجائے اگریکلچر ڈپارٹمنٹ (Agriculture Department) میں نوکری کی کوشش کرتا ہے - وہ یہ نہیں سوچتا کہ میں اپنی تعلیم سے زراعت کو ترقی دونگا - ہمارے پاس یہ ذہنیت عام ہے - اگر یہ طریقہ جاری رہے تو اس سے نقصان کا اندیشہ ہے - کالج آف اگریکلچر (College of Agriculture) میں تعلیم حاصل کرنے کے بعد فارم (Farm) میں جاکر کام کرنا معیوب سمجھا جاتا ہے - اس خرابی کو دور کرنا چاہئے -

اسکے علاوہ جو چیزیں کہی گئی ہیں انکا تو منسٹر تفصیل سے جواب دینگے - میں اب ختم شدہ حیدرآباد کمرشیل کارپوریشن (Hyderabad Commercial Corporation) کے بارے میں کچھ کہونگا - اس بارے میں کافی بحث کی گئی - خیر یہ محکمہ تو برخاست ہو چکا - جب تک کنٹرول رہیگا اس وقت تک تو محکمہ کی ضرورت رہیگی لیکن یہ خیال ہے کہ جلد سے جلد ڈی کنٹرول (Decontrol) کیا جائے - ہم دیکھتے ہیں جوار کی حد تک تو کافی مقدار ہمارے پاس ہے - چاول کی حد تک کسی قدر شارٹیج (Shortage) ہے حکومت کے پیش نظر یہ ہو کہ ڈی کنٹرول کیاجائے تو اس لحاظ سے ہی اس محکمہ کو چلانا ہوگا -

مسٹر اسپیکر - میں نے کہا تھا کہ ۲ ۱ بجکر ۳۰ منٹ پر مسٹر کی اسپیچ (Speech) ہوگی - لیکن میں یہ محسوس کر رہا ہوں کہ آنریبل ممبرس اس اہم مسئلہ پر مزید بحث کا موقعہ چاہتے ہیں - میں یہ کرسکتا ہوں کہ آنریبل مسٹر کو بعد میں موقع دوں - اس لحاظ سے میں ایک بجے تک ارکان کو موقع دیتا ہوں - ساتھ ہی ساتھ میری یہ اسٹینڈنگ (Standing) درخواست ہے کہ کم سے کم وقت لیا جائے تاکہ زیادہ ممبرس کو موقع مل سکے -

شری اناجی راؤ گوانے (پربھنی) - جس ہی کم وقت میں اگریکلچر اور لیوی ڈپارٹمنٹس کے بارے میں تفصیل سے کہنا مشکل ہے - لیکن میں وقت کا لحاظ رکھتے ہوئے چند باتیں عرض کرتا ہوں -

یہ خوشی کی بات ہے کہ اسکے لئے ایک ڈاکٹر وزیر ہیں - اس ڈاکٹر نے سوتے ہوئے محکمہ کو جگانے کی کوشش کی ہے - ابھی اس نے آنکھیں کھولی ہیں - پورے طور پر جگانے کے لئے معمولی دوا سے کام نہیں چلتا - اسکے لئے انجکشن دینا پڑے گا -

ڈاکٹر چنا ریڈی - یہ ڈاکٹر جانتا ہے -

شری اناجی راؤ گوانے - ساتھ ہی یہ بھی دیکھنا ہے کہ بیماری جس قسم کی ہے اسی قسم کی دوا دیجائے - یہ نہیں کہ بیماری ایک ہے اور دوا دوسرے مرض کی دی جائے مجھے افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے کہ ہمارا محکمہ زراعت ٹھیک طور پر کام نہیں کرتا - اسکا یہ کام ہے کہ کاشتکاروں کو اس چیز سے واقف کرائے کہ کونسی زمین میں کس جنس کی کاشت کرنی چاہئیے - اسکے لئے چار اکسپرٹس (Experts) تو بٹھائے گئے ہیں لیکن کام کچھ برابر نہیں ہوتا - اسکی وجہ یہ ہے کہ زراعتی کام کرنے والوں سے مشورہ نہیں لیا جاتا اور نتیجے کے طور پر کاشتکاروں ہی کو نقصان برداشت کرنا پڑتا ہے - مرہٹواڑہ کے اضلاع ناندیڑ اور پربھنی میں کاٹن سیڈس (Cotton Seeds) نمبر ۱۲ - اور ۱۰ کی پیداوار دوسری قسموں کے مقابلہ میں نصف ہے - دوسرے کاٹن سیڈس اس سے دوگنا نفع دیتے ہیں - مگر انہیں کاشتکار لینے سے انکار کرتے ہیں - وجہ یہ ہے کہ ہمارا محکمہ زراعت کاشتکاروں کے پاس نہیں جاتا - اسطرح اس محکمہ سے خاطر خواہ فائدہ نہیں ہوسکتا - کاشتکاروں کو کاٹن سیڈس کے ساتھ ایک سلفر کی پڑی مجبوراً دیجاتی ہے اور اسکے لئے ۴ آنے لیے ہیں - لیکن یہ نہیں بتایا جاتا کہ اسے کسطرح استعمال کیا جانا چاہئیے اور اسکا کیا فائدہ ہے - اسی طرح دوسری چیزوں کے معلومات محکمہ زراعت سے کاشتکاروں کو نہیں دئے جاتے - یہ نہیں بتایا جاتا کہ کسی بیماری کو دور کرنے کیلئے کیا کرنا چاہئے - آپ بڑے بڑے اسکیمس (Schemes) تو بناتے ہیں لیکن ان پر برابر عمل نہیں کیا جاتا - آپ اسی طرح بڑے بڑے ٹریکٹرس (Tractors) تو اپنے پاس رکھے ہیں لیکن ان سے صرف بڑے بڑے کاشتکاروں کو ہی استفادہ کا موقع دیا جاتا ہے - ایسے چھوٹے کاشتکاروں کیلئے اس سے کوئی سہولت نہیں ہوتی جنکے پاس ۵۰ - ۶۰ ایکڑ اراضی کے کھیت ہوں - اگر ایسے کاشتکار اپنے کھیت ٹریکٹرس سے ہلو (Plough)

کرنا چاہیں تو آپ کے ریٹس (Rates) جو ۲۰ روپئے فی ایکڑ ہیں ایسے ہیوی (Heavy) ہیں کہ ۵ ایکڑ والا کاشتکار اپنے کھیت کیلئے (۱۲۰) روپئے کہاں سے ادا کرے؟ کاشتکاروں کی حالت کا کوئی اندازہ نہیں کیا گیا - صرف بڑی بڑی اسکیمیں سامنے رکھی جاتی ہیں اور چھوٹے کاشتکاروں کی بھلائی کیلئے بہت کم کام ہوتے ہیں -

